☆☆☆اسلام آباد اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا منفرد اخبار☆☆☆

Email:Dailyqaviakhbar@gmail.com / asadch143@gmail.com

Daily
Qavi Akhbar
Islamabad

ABC
Certified

روزنامہ
قوی اخبار
اسلام آباد

ایڈیٹر: اسد محمود چوہدری

جلد نمبر: 3 | ہفتہ 30 مارچ، 19 رمضان المبارک 2024ء، صفحات 4، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر: 296

اہم چیلنجز کا سامنا کرنے کیلئے امریکا پاکستان کیساتھ کھڑا رہے گا، جو بائیڈن

صحت عامہ کا تحفظ، معاشی ترقی اور سب کیلئے تعلیم مشترکہ وژن ہے جسے ملکر فروغ دیتے رہیں گے، امریکا پاکستان گرین الائنس فریم ورک سے ماحولیاتی بہتری کیلئے ہم اپنے اتحاد کو مزید مضبوط کرینگے

پائیدار زرعی ترقی، آبی انتظام اور 2022 کے سیلاب کے تباہ کن اثرات سے بحالی میں پاکستان کی معاونت جاری رکھیں گے، امریکی صدر جو بائیڈن کا وزیر اعظم میاں شہباز شریف کے نام خط

اسلام آباد (آئی این پی) امریکی صدر جو بائیڈن نے وزیر اعظم شہباز شریف کو خط لکھ دیا جس میں انہوں ں ے کہا ہے کہ دنیا اور خطے کو درپیش وقت کے اہم ترین چیلنجز کا سامنا کرنے میں امریکا پاکستان کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ امریکی صدر جو بائیڈن نے وزیر اعظم شہباز شریف کو خط لکھا ہے وزیر اعظم شہباز شریف کے منصب سنبھالنے کے بعد امریکی صدر کا ان کے لیے یہ پہلا خط ہے۔ خط میں امریکی صدر نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

ججوں کے خط کا معاملہ، سنی اتحاد کونسل کا قومی اسمبلی میں تحریک التواجمع کرانے کا فیصلہ

اسلام آباد (آئی این پی) سنی اتحاد کونسل نے عدالتی امور میں مداخلت کے حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے 6 ججوں کی جانب سے سپریم جوڈیشل کونسل کو لکھے گئے خط کے معاملے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

پاکستان کو کم از کم 3 سال کا نیا آئی ایم ایف پروگرام درکار ہے، وزیر خزانہ

آئی ایم ایف کی شرائط ملک کے لیے بہتر ہیں اور یہ آخری پروگرام اسی وقت ہوگا جب ہم اسٹرکچرل پالیسیز اپنائیں

کراچی (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کو کم از کم 3 سال کا نیا آئی ایم ایف پروگرام درکار ہے۔ کراچی میں اسٹاک ایکس چینج میں تقریب سے خطاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

چیلنجز پر وہی قومیں قابو پاتی ہیں جو ہمت نہیں ہارتیں یقین ہے پاکستانی قوم عزت و ہمت سے مسائل کو حل کریگی، ملکی ترقی پر کوئی سمجھوتا نہیں کرنا، معیشت کو بہتر اور مضبوط کرنے کیلئے سب نے مل کر کام کرنا ہے

معیشت کی بہتری کیلئے سیاسی و انتظامی دباؤ برداشت نہیں کرینگے

شہباز شریف

پاکستان کو غیر قانونی تجارت اور اسمگلنگ نے نقصان پہنچایا، اتحادی حکومت نے 2022 میں ڈھائی لاکھ ٹن چینی کی درآمد کی اجازت دی تھی، پاکستان کو غیر قانونی تجارت اور اسمگلنگ نے بے پناہ نقصان پہنچایا

جو چینی بیچ کر ہم ڈالر کما سکتے تھے وہ افغانستان اسمگل ہونے سے نقصان ہوا، بجلی چوری سے سالانہ 400 سے 500 ارب روپے کا نقصان ہو رہا ہے، شعبہ پیٹرولیم میں بھی گیس چوری سے نقصان ہو رہا ہے

دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنانا ہماری مشترکہ ذمے داری ہے، اگر ارادہ ہو تو تمام رکاوٹیں ختم ہو جاتی ہیں، ایف بی آر کی ڈیجیٹائزیشن پر کام شروع کر دیا ہے، وزیر اعظم کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کو بہتر بنانے کی راہ میں سیاسی و انتظامی دباو کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انسداد اسمگلنگ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم میاں محمد شہباش شریف کا کہنا تھا کہ دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنانا ہماری مشترکہ ذمے داری ہے۔ معیشت کی بہتری کے لیے سیاسی و انتظامی دبا برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ کو صوبوں میں سکیورٹی کا جائزہ لینے کی ہدایت دی ہے۔ چیلنجز پر وہی قومیں قابو پاتی ہیں جو ہمت نہیں ہارتیں۔ یقین ہے پاکستانی قوم عزت و ہمت سے مسائل کو حل کرے گی۔ ملکی ترقی پر کوئی سمجھوتا نہیں کرنا، معیشت کو بہتر اور مضبوط کرنے کے لیے سب نے مل کر کام کرنا ہے۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ معیشت کی بہتری کے لیے مسلسل اقدامات کر رہے ہیں۔ گزشتہ 24 روز میں معیشت کے حوالے سے مختلف اجلاس کیے۔ چیلنجز کو سمجھنا ہے تاکہ معیشت کو سنبھالا جا سکے۔ پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے سیاسی افراتفری کا خاتمہ کرنا ہوگا۔ وفاق، صوبے اور ادارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد، وزیر اعظم میاں شہباز شریف انسداد اسمگلنگ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی صدارت میں زرعی اصلاحات کیلئے خصوصی اجلاس ہوا، کسان کارڈ اور زرعی شعبے کے لیے مختلف اقدامات کی منظوری دی گئی

نواز شریف کسان کارڈ کے تحت مختلف اقسام کی سبسڈی دی جائیگی، مریم نواز

کسان کارڈ کے ذریعے 5 لاکھ چھوٹے کاشتکاروں کو آسان شرائط پر ایک سال میں 150 ارب روپے کا قرض دیا جائیگا

چین کے تعاون سے ایگریکلچر یونیورسٹی فیصل آباد میں 2 ارب کی لاگت سے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر بنانے کا بھی فیصلہ کیا گیا

بیج، کھاد اور کیڑے مار ادویات کی خریداری کے لیے کاشتکاروں کو 30 ہزار روپے فی ایکٹر زرعی قرض دیا جائے گا، اجلاس میں فیصلہ

لاہور (آئی این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے محمد نواز شریف کسان کارڈ کی منظوری دے دی۔ پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز کی صدارت میں زرعی اصلاحات کے لیے خصوصی اجلاس ہوا۔ اجلاس میں کسان کارڈ اور زرعی شعبے کے لیے مختلف اقدامات کی منظوری دی گئی۔ کسان کارڈ کے ذریعے 5 لاکھ چھوٹے کاشتکاروں کو آسان شرائط پر ایک سال میں 150 ارب روپے کا قرض دیا جائے گا۔ بیج، کھاد اور کیڑے مار ادویات کی خریداری کے لیے کاشتکاروں کو 30 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسٹاک مارکیٹ میں شدید مندی، سرمایہ کاروں کے 17 ارب ڈوب گئے

اس طرح سے گزشتہ 4 روز سے بننے والے بلندیوں کے نئے ریکارڈز کا تسلسل ٹوٹ گیا

کراچی (آئی این پی) وزیر خزانہ کی آئی ایم ایف سے ایک اور بڑے پروگرام کے لیے رجوع کرنے سمیت دیگر مثبت خبروں کے باوجود پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں جمعہ کو اتار چڑھا کے بعد مندی رہی۔ اس طرح سے گزشتہ 4 روز سے بننے والے بلندیوں کے نئے ریکارڈز کا تسلسل ٹوٹ گیا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ملک بھر میں خواتین ججز کی تعداد 572 ہے، لا اینڈ جسٹس کمیشن

اسلام آباد (آئی این پی) لا اینڈ جسٹس کمیشن نے انصاف کے شعبے سے منسلک خواتین کے اعداد و شمار جاری کر دیے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں 3142 ججز ہیں جن میں سے 572 خواتین ہیں جبکہ خواتین ججز کی تعداد مجموعی طور پر 18% فیصد ہے۔ سپریم کورٹ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

صدر مملکت آصف علی زرداری سے ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری کی ملاقات

صدر مملکت نے دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اظہار کیا

اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور ایران کے باہمی فائدے کے لئے بارٹر تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں دوطرفہ اقتصادی تعاون کو وسعت دینے کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار پاکستان میں ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مصافحہ کر رہے ہیں

ریاست کی رٹ چیلنج کرنیوالوں کیساتھ سختی سے پیش آئیں گے، سرفراز بگٹی

یہ ہماری آئینی ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے لوگوں کا تحفظ کریں

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ ریاست کی رٹ چیلنج کرنے والوں کے ساتھ سختی سے پیش آئیں گے، جن لوگوں نے حکومت کی رٹ کو چیلنج کیا ہوا ہے اور تشدد کا راستہ اپنایا ہوا ہے اور معصوم شہریوں کے قتل و غارت کا راستہ چنا ہوا ہے وہ معافی کے قابل نہیں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پاناما کیس میں جج نے غلطی کی تھی کیس میں انہیں سزا دی وہ اقامہ تھا، علیمہ خان

اگر اصل کیس میں سزا ہوتی تو آج یہ ایسے نہ پھر رہے ہوتے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے نواز شریف کو پانامہ کیس میں اقامہ پر سزا دینا غلطی قرار دیدیا، اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان کا کہنا تھا کہ پاناما کیس میں جج نے غلطی کی تھی۔ جس کیس میں انہیں سزا دی وہ اقامہ تھا۔ اصلی کیس پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ملک کی ترقی میں سٹاک ایکسچینج کی حمایت شامل رہے گی، ڈاکٹر شمشاد اختر

ملک کی آمدنی کو ڈیجیٹلائز کرنا سرمایہ کاری کیلئے بہتر ہو گا

کراچی (آئی این پی) چیئرپرسن پاکستان سٹاک ایکسچینج بورڈ ڈاکٹر شمشاد اختر کا کہنا ہے کہ ملک کی تعمیر و ترقی میں سٹاک ایکسچینج کی حمایت شامل رہے گی، ایکسچینج کی طاقت سرمایہ بڑھانے میں پنہاں ہے، ملک کی آمدنی کو ڈیجیٹلائز کرنا سرمایہ کاری کیلئے بہتر ہوگا، کیپیٹل مارکیٹ اور بینکنگ کے شعبے کے رابطے مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

شانگلہ حملے کے اصل ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لائینگے، محسن نقوی

چینی شہریوں کے تحفظ اور مجموعی سکیورٹی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں چینی سفارت خانے کا دورہ کیا جہاں انہوں نے شانگلہ حملے کی تحقیقات کیلئے چین سے آئی خصوصی انوسٹی گیشن ٹیم سے ملاقات کی، وزیر داخلہ نے چینی ٹیم کو حملے کے بارے اب تک ہونے والی تحقیقات سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں چینی شہریوں کے تحفظ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

مشترکہ مفادات کونسل کی تشکیل نو، پہلی بار وزیر خزانہ کی جگہ وزیر خارجہ شامل

نوٹیفکیشن کے مطابق آٹھ رکنی مشترکہ مفادات کونسل کے چیئرمین وزیراعظم شہباز شریف ہوں گے

اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت نے وزیراعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر مشترکہ مفادات کونسل کی تشکیل نو کر دی۔ صدر مملکت کی منظوری کے بعد نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، مشترکہ مفادات کونسل کی تاریخ میں پہلی بار وزیر خزانہ کی جگہ وزیر خارجہ کو شامل کیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق آٹھ رکنی مشترکہ مفادات کونسل کے چیئر مین وزیراعظم شہباز شریف ہوں گے۔ مشترکہ مفادات کونسل میں چاروں وزرائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد ہائی کورٹ نے عمران خان کی وکلا سے جیل میں ملاقات کی درخواست نمٹا دی

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان کی وکلا سے جیل میں ملاقات کروانے کی درخواست نمٹا دی۔ جسٹس سردار اعجاز اسحٰق خان نے درخواستوں پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

پی آئی اے نجکاری، جلد عالمی مارکیٹ میں اشتہار شائع ہونگے

لاہور (آئی این پی) قومی ایئر لائن پی آئی اے برائے فروخت، عنقریب بین الاقوامی مارکیٹ میں اشتہارات شائع ہو جائیں گے۔ حکومت نے پی آئی اے کی نجکاری کے لیے اقدامات تیز کر دیے ہیں۔ بین الاقوامی سرمایہ کار گروپس سے رابطے شروع ہو گئے۔ بین الاقوامی سطح پر اشتہارات برائے نیلامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پرویز الٰہی اور محمد خان بھٹی کو فرد جرم عائد کرنے کیلئے 4 اپریل کو طلب کرلیا

لاہور (آئی این پی) لاہور کی اینٹی کرپشن عدالت نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی اور سابق پرنسپل سیکرٹری محمد خان بھٹی سمیت دیگر ملزموں کو پنجاب اسمبلی میں غیر قانونی بھرتیوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سینیٹ انتخابات، پنجاب اسمبلی کے ایوان کو پولنگ اسٹیشن میں تبدیل کر دیا گیا

2 اپریل کو پنجاب اسمبلی میں خواتین، اقلیت اور ٹیکنوکریٹ کی نشست پر سینیٹ انتخابات ہوں گے

لاہور (آئی این پی) سینیٹ انتخابات کیلئے پنجاب اسمبلی کے ایوان کو پولنگ اسٹیشن میں تبدیل کر دیا گیا، اسپیکر پنجاب اسمبلی نے حاصل اختیارات کے تحت نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹی فکیشن میں کہا گیا ہے کہ سینیٹ انتخابات کیلئے پنجاب اسمبلی کا ایوان پولنگ اسٹیشن ہوگا۔ 2 اپریل کو پنجاب اسمبلی میں خواتین، اقلیت اور ٹیکنوکریٹ کی نشست پر سینیٹ انتخابات ہوں گے جس کیلئے صبح 9 سے شام 4 بجے تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پختونخوا کابینہ نے ایک ارب 15 کروڑ روپے کا عید پیکیج منظوری دیدی

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس ہوا، جس میں اراکین، چیف سیکرٹری، آئی جی پی اور متعلقہ انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی

اس پیکیج کے تحت صوبائی اسمبلی کے ہر حلقے میں ایک ہزار مستحق افراد کو 10-10 ہزار روپے دیے جائیں گے، علی امین گنڈاپور کی زیر صدارت اجلاس

پشاور (آئی این پی) پختونخوا کابینہ نے ایک ارب 15 کروڑ روپے کے عید پیکیج سمیت دیگر اسکیموں کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس ہوا، جس میں اراکین، چیف سیکرٹری، آئی جی پی اور متعلقہ انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے میں مستحق افراد کو عید پیکیج دینے کی منظوری دے دی گئی، اس پیکیج کے تحت صوبائی اسمبلی کے ہر حلقے میں ایک ہزار مستحق افراد کو 10، 10 ہزار روپے دیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

تربت دہشتگردوں کا حملہ، بھارت کا بے بنیاد پروپیگنڈا بے نقاب ہو گیا

بھارت ہمیشہ سے خطے میں دہشتگردی کی پشت پناہی کرتا چلا آیا ہے، مودی کے دور حکومت میں انتہا پسند پالیسیوں کے تحت بھارت خطرہ بن چکا

دہشتگردوں کے تربت نیول ایئر بیس پر ہونیوالے حملے کو پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے تمام دہشت گردوں کو جہنم واصل کرتے ہوئے ناکام بنایا

اسلام آباد (آئی این پی) تربت حملے پر بھارت کا بے بنیاد پروپیگنڈا بے نقاب ہوگیا، حملے کے ساتھ ہی بھارتی میڈیا پر فوجیوں کو نقصان پہنچنے کی بے بنیاد الزامات کے ساتھ لمحہ بہ لمحہ رپورٹنگ اور بی ایل اے کے حوالے سے سوشل میڈیا پر ٹوئٹس سامنے آگئیں۔ بھارت ہمیشہ سے خطے میں دہشت گردی کی پشت پناہی کرتا چلا آیا ہے، مودی کے دور حکومت میں انتہا پسند پالیسیوں کے تحت بھارت اپنے پڑوسی ممالک کے لئے خطرہ بن چکا ہے۔ پاکستان کی سرزمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

صحافت کی دنیا میں نیا نام......قوی نیوز اور روزنامہ قوی اخبار
روزنامہ قوی اخبار اسلام آباد
راولپنڈی/اسلام آباد کی عوام کی آواز
QAVI NEWS
QAVI NEWS

وزیراعظم نے سرکاری تقریبات میں پروٹوکول کیلئے سرخ قالین پر پابندی لگا دی

وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت دی ہے کہ آئندہ وفاقی وزرا اور حکومتی شخصیات کے لیے ریڈ کارپٹ استعمال نہیں ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم نے تمام سرکاری تقریبات میں پروٹوکول کے لیے بچھائے گئے سرخ قالین پر پابندی عائد کردی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سرکاری تقریبات میں سرخ قالین کے استعمال پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے تمام سرکاری تقریبات میں پروٹوکول کے لیے بچھائے گئے سرخ قالین پر پابندی عائد کردی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت دی ہے کہ آئندہ وفاقی وزرا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پاکستان تحریک کی رہنما صنم جاوید اور عالیہ حمزہ کو ضمانت کے بعد دوبارہ گرفتار کرلیا گیا

لاہور (آئی این پی) پاکستان تحریک کی رہنما صنم جاوید اور عالیہ حمزہ کو ضمانت ملنے کے بعد دوبارہ گرفتار کرلیا گیا، پولیس نے انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر سے دونوں کو گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

چین کا پاکستان میں دو بڑے ڈیم منصوبوں پر کام روکنے کا اعلان

جہاں قریب ایک ہزار دو سو پچیس چینی شہری کام کرتے ہیں، دوبارہ کھولنے سے پہلے نئے سکیورٹی پلان پیش کریں

اسلام آباد (آئی این پی) جمعہ انتیس مارچ کو پاکستان کے شمال مغربی صوبے خیبر پختونخوا سے موصولہ خبر رساں ادارے اے ایف پی کی رپورٹوں کے مطابق پاکستان میں دو بڑے ڈیم منصوبوں کی تعمیر روک دینے کا اعلان منگل چھبیس مارچ کو پاکستان میں تعمیراتی کام کرنے والے چینی انجینئرز کی ایک گاڑی پر ہونے والے ہلاکت خیز حملے کے پس منظر میں کیا گیا ہے۔ جمعے کو پاکستانی اہلکاروں نے اس خبر کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

پشاور بی آر ٹی، ٹھیکیداروں کے اکاؤنٹس منجمد، پلاٹس سیل کرنے کے احکامات جاری

پشاور (آئی این پی) احتساب عدالت نے پشاور بی آر ٹی اسکینڈل میں ملوث ٹھیکیداروں کے اکاؤنٹس منجمد اور پلاٹس سیل کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ بی آر ٹی اسکینڈل سے متعلق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

بلوچستان سے سینیٹ کی تمام 11 نشستوں پر امیدوار بلامقابلہ منتخب ہو گئے

بلوچستان سے سینیٹ کی 7 جنرل، 2 ٹیکنوکریٹ اور 2 خواتین کی نشستوں پر تمام امیدوار بلامقابلہ سینیٹر منتخب

اسلام آباد (آئی این پی) بلوچستان سے سینیٹ کی تمام 11 نشستوں پر امیدوار بلامقابلہ منتخب ہوگئے، الیکشن کمیشن کے مطابق بلوچستان سے سینیٹ کی 7 جنرل، 2 ٹیکنوکریٹ اور 2 خواتین کی نشستوں پر تمام امیدوار بلامقابلہ سینیٹر منتخب ہوئے ہیں۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان سے سینیٹ کے امیدواروں کی کامیابی سے متعلق فارم 55 جاری کر دیئے۔ الیکشن کمیشن کے اعلامیے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پشاور، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور بون میرو اینڈ لیور ٹرانسپلانٹ سینٹرز کے قیام بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ میں فلسطینیوں پر مظالم پر تشویش کا اظہار کرتے ہیں اقوام متحدہ اسرائیل کا ظلم بند کرائے امداد تقسیم کرنے کے مقامات پر اسرائیلی حملوں کی مذمت کرتے ہیں

بھارت کشمیر کی سیاسی جماعتوں پر عائد پابندیاں فوری ہٹائے، دفتر خارجہ

پاکستان کشمیر نیشنل فرنٹ پر بھارتی پابندی کی شدید مذمت کرتا ہے، پاکستان کشمیریوں کی سیاسی، اخلاقی وسفارتی حمایت جاری رکھے گا، ممتاز زہرہ بلوچ کی میڈیا بریفنگ

اسلام آباد (آئی این پی) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت کشمیر کی سیاسی جماعتوں پر عائد پابندیاں فوری طور پر ہٹائے۔ میڈیا کو دی گئی ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ اسحاق ڈار نے وزیر خارجہ کے عہدے کا چارج لے لیا ہے، جس کے بعد انہیں مختلف ایشوز پر بریفنگ دی جا رہی ہیں۔ آنے والے دنوں میں وزیر خارجہ کی مصروفیات کے حوالے سے بریفنگ دیں گے۔ ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا کہ پاکستان غزہ میں فلسطینیوں پر مظالم کے لیے تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ اقوام متحدہ اسرائیل کا ظلم بند کرائے۔ غزہ میں ہونے والے مظالم پر تشویش ہے۔ امداد تقسیم کرنے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

لاہور، صوبائی وزیر تعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی وزارت خزانہ نے مارچ کی ماہانہ آٹ لک رپورٹ جاری کر دی

ہر ماہ پاکستان کی معاشی اور مالی پوزیشن بہتر ہو رہی ہے، اگلے ماہ مہنگائی کم ہو کر 22 فیصد تک متوقع ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزارت خزانہ کی آٹ لک رپورٹ کے مطابق ہر ماہ پاکستان کی معاشی اور مالی پوزیشن بہتر ہو رہی ہے، اگلے ماہ مہنگائی کم ہو کر 22 فیصد تک متوقع ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی وزارت خزانہ نے مارچ کی ماہانہ آٹ لک رپورٹ جاری کر دی ہے، رپورٹ میں کہا گیا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ ہوگیا، آئی ایم ایف سے 1.1 ارب ڈالر قرض کی آخری قسط مل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سول ایوی ایشن اتھارٹی سے 13 ارب ٹیکس واجبات کی ریکوری ہو گئی

سی اے اے کی طرف سے ایڈوانس ٹیکس کی عدم ادائیگی کی وجہ سے ڈیفالٹ شدہ رقم جمع ہو گئی تھی

اسلام آباد (آئی این پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے تاریخی کارروائی کرتے ہوئے ایڈوانس ٹیکس کی ادائیگیوں میں نادہندہ ٹیکس دہندہ سول ایوی ایشن اتھارٹی سے 13 ارب روپے کے ٹیکس واجبات کی ریکوری کرلی۔ ایف بی آر نے ریکوری تصدیق کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ایف بی آر کے ماتحت ادارے ایل ٹی او کراچی کے زون ون نے اب تک کی سب سے بڑی ٹیکس ریکوری کی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

جنوبی افریقا میں ایسٹر تقریب میں جانیوالی بس پل سے الٹ گئی، 45 ہلاکتیں

جنوبی افریقا (آئی این پی) جنوبی افریقا کے شمالی صوبے لیمپوپو میں مسافر بس بیریئرز کو توڑتے ہوئے پل سے نیچے جا گری اور اس میں آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں 45 افراد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

روس کا جنگی طیارہ سمندر میں گر کر تباہ، طیارہ تباہ ہونے کی تحقیقات شروع کر دی گئی

ماسکو (آئی این پی) روس کا ایک جنگی طیارہ سمندر میں گر کر تباہ ہو گیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق روس کا فوجی طیارہ جزیرہ نما کریمیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اللہ کو حاضر ناظر جان کر کہتا ہوں کسی کیساتھ ناانصافی نہیں کی، چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ

کوئی سمجھتا ہے اسکے ساتھ انصاف نہیں ہوا تو قیامت میں اپنی بہترین نیکی دینے کو تیار ہوں

پشاور (آئی این پی) پشاور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس محمد ابراہیم نے کہا ہے کہ اللہ کو حاضر ناظر جان کر کہتا ہوں کہ کسی کے ساتھ کبھی کوئی ناانصافی نہیں کی ہے، چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس محمد ابراہیم کے کمرہ عدالت میں ختم القرآن کی تقریب ہوئی جس میں ملک میں امن و خوشحالی کیلئے خصوصی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ملک بھر میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں مسلسل دوسرے ہفتے بھی کمی ریکارڈ

ادارہ شماریات کے مطابق سالانہ بنیادوں پر ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.9 فیصد کی معمولی کمی ریکارڈ کی گئی

لاہور (آئی این پی) ادارہ شماریات کے مطابق سالانہ بنیادوں پر ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.09 فیصد کی معمولی کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر ملک میں مہنگائی کی مجموعی شرح 29.41 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے، حالیہ ہفتے کے دوران 14 اشیائے ضروریہ مہنگی اور 18 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد، وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شیزہ فاطمہ خواجہ سے آذربائیجان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

عدالت نے نے پی ٹی آئی رہنما عامر ڈوگر کو عمرے پر جانیکی اجازت دیدی

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما عامر ڈوگر کو عمرے کی ادائیگی کے لیے جانے کی اجازت دے دی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

پی ایس 80 دادو کے ضمنی انتخاب میں پی پی امیدوار بلامقابلہ کامیاب

کراچی (آئی این پی) سندھ اسمبلی کی نشست پی ایس 80 دادو سے پیپلز پارٹی کے زبیر جونیجو ضمنی انتخاب میں بلامقابلہ کامیاب ہوگئے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

خیبر پختونخوا کی چوبیس سرکاری یونیورسٹیاں وائس چانسلر سے محروم ہو گئیں

گوناگوں مشکلات کی وجہ سے اساتذہ اور انتظامیہ اکثر سڑکوں پر تنخواہ اور دیگر سہولیات کے لیے احتجاج کرتے نظر آتے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) پشاور کی تاریخی یونیورسٹی آف پشاور، زرعی یونیورسٹی، انجینئرنگ یونیورسٹی اور اسلامیہ کالج سمیت مالی مشکلات کی شکار کئی دیگر جامعات وائس چانسلر کی تعیناتی نہ ہونے کا سامنا کر رہی ہیں۔ گوناگوں مشکلات کی وجہ سے اساتذہ اور انتظامیہ اکثر سڑکوں پر تنخواہ اور دیگر سہولیات کے لیے احتجاج کرتے نظر آتے ہیں۔ سرکاری سرپرستی میں چلنے والی خیبر پختونخوا کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سندھ میں 15 جیلوں کی مرمت کیلئے ایک ارب 30 کروڑ کی منظوری

محکمہ منصوبہ بندی وترقیات سے پی ڈی ڈبلیو پی کی منظوری کے لیے کیس بھی تیار، محکمہ خزانہ رقم جاری کریگا

کراچی (آئی این پی) نگران حکومت کے جاتے ہی بند کرائے گئے ترقیاتی منصوبوں پر کام شروع کر دیا گیا جب کہ محکمہ داخلہ نے 15 جیلوں کی مرمت کیلئے ایک ارب 30 کروڑ ایک لاکھ 49 ہزار روپے کی منظوری دے دی ہے۔ محکمہ داخلہ نے محکمہ منصوبہ بندی وترقیات سے پی ڈی ڈبلیو پی کی منظوری کے لیے کیس تیار کرلیا ہے، سینٹرل جیل سکھر، سینٹرل جیل خیرپور، سینٹرل جیل لاڑکانہ، ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

PTI قانونی ٹیم کا فائز عیسیٰ اور جسٹس عامر فاروق سے استعفی کا مطالبہ

ججز کے خط نے ثابت کر دیا کہ نظام انصاف مفلوج ہو چکا، لوگوں کے بیڈ رومز میں کیمرے لگائے گئے یہ انصاف کا اور قانون کا قتل ہے

چھ ججز کا خط انتہائی اہمیت کا حامل ہے خط میں سپریم جوڈیشل کونسل کو مخاطب کیا گیا ہے دو دن سے اسلام آباد ہائی کورٹ کو خط لکھا ہوا ہے، رؤف حسن

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کی قانونی ٹی نے چیف جسٹس پاکستان اور چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سے استعفی کا مطالبہ کر دیا اور کہا ہے کہ ججز کے خط نے ثابت کر دیا کہ نظام انصاف مفلوج ہو چکا۔ یہ بات پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم رف حسن، نعیم حیدر پنجوتھہ، شعیب شاہین، علی بخاری اور نیاز اللہ نیازی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ رف حسن نے کہا کہ چھ ججز کا خط انتہائی اہمیت کا حامل ہے خط میں سپریم جوڈیشل کونسل کو مخاطب کیا گیا ہے د(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کیلئے 5 سالہ شراکت داری کا منصوبہ تیار

پاکستان ان ممالک میں سرفہرست ہے جہاں پراجیکٹ فنانسنگ سب سے زیادہ ہوگی، موسمیاتی تبدیلی کی حکمت عملی اور ایکشن پلان تیار کیا جارہا ہے

آئندہ 5 برسوں میں موسمیاتی پورٹ فولیو (موسمیاتی تبدیلی کے اثرات میں کمی کے اقدامات میں اضافے کی بنیاد رکھے گی، یوگینی زوکوف

نیویارک (آئی این پی) اے ڈی بی پاکستان کے لیے 5 سالہ شراکت داری کا منصوبہ تیار کر رہا ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے ڈائریکٹر جنرل برائے وسطی و مغربی ایشیا یوگینی زوکوف نے توقع ظاہر کی ہے کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان کے لیے اگلی کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹجی (سی پی ایس)، جو اس وقت تیاری کے مراحل میں ہے۔ آئندہ 5 برسوں میں موسمیاتی پورٹ فولیو (موسمیاتی تبدیلی کے اثرات میں کمی کے اقدامات میں اضافے کی بنیاد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

Editorial ادارتی صفحہ



قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ

اگر ہم اس عظیم مملکت پاکستان کو خوش اور خوش حال بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی پوری توجہ لوگوں بالخصوص غریب طبقے کی فلاح و بہبود پر مرکوز کرنی پڑے گی۔

(خطبہ صدارت دستور ساز اسمبلی ۱۹۴۷ء)

ہائیکورٹ کے ججز کے بعد ملکی سیاسی صورتحال میں تبدیلی

عدلیہ میں خفیہ اداروں کی مبینہ مداخلت کے حوالے سے حکومت نے انکوائری کمیشن بنانے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف کی چیف جسٹس آف پاکستان سے ملاقات کے بعد اٹارنی جنرل کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ تمام آئینی اداروں کو اپنی حدود میں رہ کام کرنا چاہیے۔ ادارہ جاتی مداخلت کسی صورت قابل قبول نہیں۔ اس حوالے سے کمیشن انکوائری ایکٹ کے تحت کمیشن کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ ابتدائی طور پر کمیشن بنانے کا فیصلہ ہوا ہے۔ وفاقی وزیر قانون کا کہنا تھا کہ وزیراعظم کی چیف جسٹس سے ملاقات کے بارے میں سب جاننا چاہتے ہیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج کی گونج تھی جو نیشنل میڈیا اور سوشل میڈیا کی زینت بنا۔ اسی تناظر میں چیف جسٹس نے کل فل کورٹ میٹنگ کی۔ چیف جسٹس کی خواہش پر وزیراعظم کی آج ملاقات ہوئی۔ وزیراعظم نے بھی صورتحال کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے خود جانے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ چیف جسٹس اور وزیراعظم کے درمیان ملاقات تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہی، جس میں اس اہم معاملے سمیت دیگر اہم مسائل پر تبادلہ خیال ہوا۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ خط کے معاملے کی سنجیدگی کو دیکھتے ہوئے عدلیہ کی آزادی پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا۔ حکومت کا فرض ہے اس معاملے کی چھان بین کی جائے، جس کے لیے حکومت نے خط کے معاملے کی تحقیقات کا فیصلہ کیا ہے۔ اس معاملے کو کل کابینہ کے سامنے بھی رکھا جائے گا اور پھر معاملے کی تحقیقات کے لیے کمیشن بنایا جائے گا، جس کے ٹی او آرز کابینہ کی مشاورت کے بعد طے کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تحقیقات کے لیے بہت سے ججز کے نام زیر غور ہیں۔ چیف جسٹس نے بھی تحقیقاتی کمیشن بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ کسی ریٹائرڈ جج سے درخواست کی جائے گی کہ اس معاملے کی تحقیقات کریں۔ اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ تمام آئینی اداروں کو اپنی حدود میں رہ کام کرنا چاہیے۔ ادارہ جاتی مداخلت کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کل فل کورٹ میں کمیشن بنانے پر بھی بات ہوئی۔ ایک طریقہ یہ تھا کہ اس معاملے کو 184/3 کے تحت لیا جائے۔ وزیراعظم کے ساتھ ملاقات کی نوعیت بہت سنجیدہ تھی۔ جوڈیشری آزادانہ کام کرتی ہے۔ چیف جسٹس اس ادارے کے آئینی سربراہ ہیں۔ وفاقی وزیر قانون کا کہنا تھا کہ ججز کے خط لکھنے سے کوئی آئینی بحران پیدا نہیں ہوا۔ چیف جسٹس نے معاملے کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے فوری ایکشن لیا۔ کیا ہی اچھا ہوتا یہ باتیں آج سے 13 ماہ پہلے ہو جاتیں۔ جب اس طرح کے معاملات آئیں، مٹی ڈالنے کے بجائے شفاف طریقے سے منطقی انجام تک پہنچایا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جتنی قربانیاں افواج پاکستان نے دی ہیں، اس کی قدر کرنی چاہیے۔ ہمیشہ ان پر انگلی نہیں اٹھانی چاہیے۔ تمام اداروں کو ایک دوسرے کو عزت دینی چاہیے۔ وزیراعظم کل سارے فیصلے کابینہ کے سامنے رکھیں گے۔ وزیراعظم خفیہ اداروں سے بھی پوچھیں گے اور ان پٹ بھی لیں گے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے 6 ججز کے خط والے معاملے پر چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ سے وزیراعظم شہباز شریف کی سپریم کورٹ میں ملاقات ہوئی۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان ملاقات ایک گھنٹہ 20 منٹ تک جاری رہی، ملاقات کے بعد وزیراعظم سپریم کورٹ سے روانہ ہو گئے۔ چیف جسٹس نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کی طرف سے لکھے گئے خط کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کے لیے پیغام بھجوایا تھا۔ ملاقات میں وزیراعظم کے ہمراہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور اٹارنی جنرل منصور اعوان بھی شامل تھے۔ سپریم کورٹ کے سینیئر ترین جج جسٹس منصور علی شاہ بھی ملاقات میں موجود تھے۔

پاکستان اور پڑوسی ممالک، تعلقات اور معاشی حالات

گزشتہ چند ماہ بڑی خبر بھارتی اور پاکستانی میڈیا پر گردش کر رہی ہے وہ یہ کہ بھارت نے اپنا خلائی جہاز چاند کی سطح پر اتار لیا ہے۔ یہ یقیناً کم ترقی یافتہ ملک کے لیے ایک بہت بڑی خبر اور بہت بڑی کامیابی ہے۔ بھارت نے اس سے قبل بھی کئی بار کوششیں کیں جن میں وہ ناکام رہا، یہ تیسری بار اس کی کوشش تھی جس میں بھارت نے چاند تک رسائی حاصل کر ہی لی۔ اس سے قبل بھی بھارت نے کئی بار کوشش کی لیکن وہ اس میں ناکام ہوتا رہا اور اس ناکامی پر ہمارے ہاں خوشیاں منائی جاتی رہیں اور اس پر کافی شور و غوغا ہوا تھا اور اس کا مذاق اڑانے کی کوشش کی گئی تھی۔ میں نے تب بھی کہا تھا کہ اگر وہ ناکام ہوا بھی ہے تو کیا ہوا؟ کم از کم اس نے کوشش تو کی ہے اور کوشش کرنے والے ناکام بھی ہوا کرتے ہیں۔ ہم خود ہی تو ایک شعر پڑھتے ہیں کہ " گرتے ہیں شاہ سوار ہی میدان جنگ میں، وہ طفل کیا گرے جو گھٹنوں کے بل چلے " یوں بھارت نے کم از کم ایک کوشش تو کی اور بھرپور کوشش کے بعد ناکام ہو جانا یہ ناکامی نہیں ہوتی بلکہ کامیابی کی پہلی سیڑھی ہوتی ہے۔ انہوں نے کوشش کی اور بار بار کوشش کی ناکام ہوئے ہمارے مذاق اڑانے کے باوجود انہوں نے کسی بات کو خاطر میں نہ لایا اور پھر کوشش کی، بالآخر وہ کامیاب ہو گئے یوں بھارت دنیا کا چوتھا اور ایشیا کا دوسرا ملک بن گیا ہے، جس نے چاند تک رسائی حاصل کر لی ہے۔ بھارت اس لحاظ سے بھی ایک بڑی کامیابی حاصل کر چکا ہے کہ اس نے چاند کے ایسے تاریک حصے پر قدم رکھا ہے جہاں ابھی تک ترقی یافتہ ممالک بھی نہیں پہنچ سکے، اس کا یہ فائدہ ہوگا کہ دنیا کو اس حصے کے بارے میں بھی اہم معلومات حاصل کرنے میں آسانی ہو جائے گی۔ ہمارے ہاں ایک مثال عام طور پر بولی جاتی ہے کہ " دنیا چاند پر پہنچ گئی اور تم یہیں بیٹھے ہو" یہ مثال بالکل درست ہے کہ ہمارا ہمسایہ ملک جو ہمارے ساتھ ہی آزاد ہوا تھا، جس کے حالات بھی پاکستان سے زیادہ مختلف نہیں تھے مگر آج اس نے اس قدر کامیابی حاصل کر لی ہے کہ وہ چاند تک پہنچ گیا مگر ہم کہاں بیٹھے ہیں؟ یہ ہمیں خود ہی بہت اچھی طرح اندازہ ہے ہمارے ہاں سب کو صرف اور صرف اس بات کی فکر ہے کہ کس کو کرسی دینی ہے، کس کو عہدہ دینا ہے، کس سے عہدہ چھیننا ہے، کس کو بٹھانا ہے

تحریر: ضیاء الرحمٰن ضیاء

اور کس کو اتارنا ہے؟ کیا سیاست دان، کیا ادارے، کیا بیوروکریٹس، کیا صحافی ہر ایک کو یہی فکر ہے کہ کون حکومت سنبھالے گا کون حکومت چھوڑے گا کون آئندہ انتخابات میں کامیاب ہوگا اور ملک کی باگ ڈور سنبھالے گا؟ کوئی بھی ترقیاتی کام ہونے لگے کوئی بھی ملک کے لیے بھلائی سوچنے لگے تو سب کچھ سیاست کی بھینٹ چڑھ جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے ہمارا ملک ترقی نہیں کر پا رہا۔ ہمارا تعلیمی نظام بھی ایسا ہے جو طلباء میں تخلیقی صلاحیتیں پیدا نہیں کرتا اور ہمارا حکمران طبقہ اس تعلیمی نظام کو بہتر کرنا بھی نہیں چاہتا کیونکہ اگر طلبہ کے اندر تخلیقی صلاحیتیں پیدا ہو جائیں اور ان میں شعور آ جائے تو حکمران طبقے کی عیاشیاں ختم ہو جائیں گی جس کی وجہ سے انہوں نے عوام کو اسی حد تک رکھا ہے کہ بس لوگوں کا یہ ذہن بنے کہ انہوں نے پڑھ کر یا تو ڈاکٹر یا انجینئر بننا ہے یا کہیں ملازمت کے لیے خود کو تیار کرنا ہے اس کے علاوہ ان کے اندر تخلیق کے یا تحقیق کے بارے میں کوئی سوچ پیدا نہ ہو۔ اگر ڈاکٹر بنیں تو پھر بھی ملازمت ڈھونڈیں، اگر انجینئر بن جائیں تب بھی ملازمتیں تلاش کرتے پھریں۔ اگر بزنس مینجمنٹ میں ماسٹرز بھی کر لیں تب بھی ملازمتیں ہی تلاش کرتے پھریں خود سے کچھ کرنا خود سے کوئی نئی چیز تخلیق کرنا، کسی چیز پر تحقیق کرنا یا ایک کم از کم اپنے کاروبار کے بارے میں بھی ان میں سوچ نہ پیدا ہو۔ ایسے طلباء بہت ہی کم ہیں جو اپنے کاروبار کی طرف جاتے ہیں ورنہ زیادہ تر کے اذہان کو ملازمتوں کی طرف ہی رکھا جاتا ہے کہ کوئی نہ کوئی ملازمت چاہے چھوٹی موٹی ہی ہو تلاش کر کے اپنی زندگی گزاریں۔ محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خانؒ اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں کہ " اسلامی نشاۃ ثانیہ کا دور عالم اسلام کا عظیم دور تھا۔

تاریخ اس امر کی گواہ ہے کہ اس دور میں عرب میں ایسی ایسی درسگاہیں قائم کی گئی تھیں کہ جہاں دنیا کے تمام علوم پر تحقیقی کام ہوتا تھا اور یہی وہ دور ہے کہ جب عالم اسلام نے الفارابی، ابن سینا، ابن رشد، خوارزمی، رازی، ابن الہیثم، مسعودی، ابوالوفا، البیرونی، طوسی، نصیر الدین، ابن نفیس، ابن طفیل، الکندی جیسے عظیم مفکر اور فلاسفر اور سائنسدان پیدا کیے تھے۔ ان کے تحقیقی کاموں سے آج بھی دنیا فیضیاب ہو رہی ہے یہاں تک کہ ایک وہ شہر جسے لوگ دنیا کے کسی گوشے کا گمنام شہر کہتے ہیں وہاں بھی 16 ویں صدی میں 25 ہزار طلباء تعلیم حاصل کرتے تھے میرا مطلب مالی کے شہر ٹمبکٹو سے ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج عالم اسلام میں ان جیسا ایک بھی قابل قدر مفکر موجود نہیں۔ اس کی وجہ یہ نہیں کہ ہم میں صلاحیت موجود نہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان سمیت تمام اسلامی ممالک میں کوئی بھی ایسی تعلیمی درسگاہ موجود نہیں جہاں سائنسی و دیگر علوم کے شعبوں پر کوئی تحقیق کا کام ہو رہا ہو، جس کو بین الاقوامی سطح پر کوئی پذیرائی حاصل ہو آج ہماری پسماندگی کی بڑی وجہ بھی یہی ہے کہ ہم نے علم سے جو ہماری میراث تھی پہلو تہی کی ہے۔ "، ہمیں اس چکر میں نہیں پڑنا چاہیے کہ انتخابات وقت پر ہوں گے یا نہیں عمران خان رہا ہوں گے یا نہیں، ہمارا ہر بچہ، جوان، بوڑھا، عورتیں مرد اسی فکر میں پڑے ہیں جبکہ ہمارے ٹی وی ٹاک شوز بھی انہی سیاسی لڑائیوں پر ہی ہوتے ہیں اصل قومی مسائل کی طرف کسی کی توجہ نہیں ہے۔ ہمیں یہ سوچنا چاہیے کہ بھارت اتنا آگے کیسے بڑھ گیا اور ہم اتنے پیچھے کیوں ہیں؟ وہ کون سے عوامل یا اقدامات ہیں جن کی وجہ سے بھارت نے یہ کامیابی حاصل کی ہے اور ہم کون سی غلطیوں اور کوتاہیوں کی وجہ سے اتنے پیچھے رہ گئے ہیں؟ ہمارے پاس اچھے سائنسدان اور محققین کیوں نہیں ہیں؟ ہماری یونیورسٹیوں میں تحقیقی کام کیوں نہیں ہو رہے؟ بھارت چاند پر پہنچ گیا اور ہم وہیں کے وہیں کیوں بیٹھے ہیں؟ اس سلسلے میں فقط حکومت کی طرف دیکھنے کی بجائے ہر شخص اپنے اپنے حصے کی شمع جلانے کی کوشش کرے تو حالات بدل سکتے ہیں۔

اسرائیل کے آگے تمام مسلم ممالک بے بس

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی سورانفال میں کہا کہ quot&اِن الذِین فروا ینفِقون اموالہم لِیصدوا عن سبِیلِ اللہِ فسینفِقونہا ثم تون علیہِم حسرۃ ثم یغلبون والذِین فروا اِل جہنم یحشرون (36) لِیمِیز اللہ الخبِیث مِن الطیبِ ویجعل الخبِیث بعضہ عل بعض فیرمہ جمِیعا فیجعلہ ف جہنم اولئِ ہم الخاسِرون (37) ترجمہ: ;&quot بے شک جو لوگ کافر ہیں وہ اپنے مال خرچ کرتے ہیں تا کہ اللہ کی راہ سے روکیں، سو یہ لوگ تو اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہی رہیں گے پھر وہ مال ان کے لیے باعث حسرت ہو جائیں گے پھر مغلوب کیے جائیں گے، اور جو کافر ہیں وہ دوزخ کی طرف جمع کیے جائیں گے۔ تا کہ اللہ ناپاک کو پاک سے جدا کر دے اور ایک ناپاک کو دوسرے پر دھر کر ڈھیر بنائے پھر اسے دوزخ میں ڈال دے، وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں quot&۔ گویا وحی الٰہی نے سینکڑوں برس قبل آج کی طاغوتی قوتوں کو طشت از بام کر دیا کہ دونوں اشرار اپنے کل وسائل اس لیے بروئے کار لائیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے راستے سے روک کر قبیلہ بنی آدم کو گمراہی کی راہ پر لگا دیں۔ آج بھی بنظر خود مشاہدہ کناں ہیں کہ شرانگیز طاقتوں نے کس طرح امت مسلمہ اور کل انسانیت کو گھیر رکھا ہے اور ابلیس کے وعدے کے مطابق دائیں سے بائیں سے آگے سے اور پیچھے سے گویا چاروں طرف سے دھکیل دھکیل کر بدراہی کے اندھے کوئیں میں گرانے میں پوری طرح مصروف عمل ہیں اور کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا گیا۔ اس کے باوجود کہ امت مسلمہ بری طرح استعمار کے نرغے میں پھنس چکی ہے پھر بھی کوئی خوف تو ہے تو ان باطل طاقتوں کو اندر ہی اندر سے گھائل کر رہا ہے اور کوئی تو ایسا خطرہ ہے جس کے باعث ان کے سینے تنگ ہوتے چلے جا رہے ہیں، ان کے دل مٹھی میں بند ہونے کو ہیں اور ان کی راتوں کی نیندیں اڑی ہوئی ہیں اور وہ بری طرح حواس باختہ ہیں اور امت مسلمہ کے گرد گھیرا مزید تنگ کرتے چلے جا رہے ہیں اور اپنے دفاعی معاہدوں سے امت مسلمہ پر مزید بوجھ ڈال کر بے دست و پا کرنے کی ناکام کوششوں میں اپنے وسائل پر وسائل لگائے چلے جا رہے ہیں۔ ان سب کے باوجود اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ حسب سابق ان کی یہ تمام مساعی خبیثہ بری طرح

تحریر: ڈاکٹر ساجد خاکوانی

ناکام و نامراد ہوں گی اور ان کے کل ارادے ان کے لیے محض حسرت کا سامان بن کر رہ جائیں گے، وہ بہت جلد مغلوب ہوں گے اور ہاتھ ملتے رہ جائیں گے، حق کی طاقتیں ان پر فتح مبین کی حامل ہوں گی اور یہ سب کچھ تو دنیا میں واقع ہو کر رہے گا جب کہ جس طرح یہ دنیا میں مل کر اور اکٹھے ہو کر اہل حق کے خلاف متحدہ محاذ تیار رکھتے تھے اسی طرح یوم بعث بھی اللہ تعالیٰ ان سب کو اکٹھا کر کے ان کے انجام بد تک پہنچائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اگست کو ہندوستان کے شہر بنگلور میں &quot; بھارت الیکٹرونکس لمیٹڈ &quot;(Bharat Electronic Limited (BEL)) جو ہندوستان میں دفاعی ساز و سامان تیار کرنے والا صف اول کا ادارہ ہے اور &quot; اسرائیل ایرو سپیس انڈسٹریز &quot;(Israel Aerospace Industries(IAI)) جو ریاست اسرائیل کا بدنام زمانہ انسان کش ہتھیار بنانے والا کارخانہ ہے، ان دونوں کے درمیان ایک یادداشت (MOU) پر دستخط ہوئے ہیں جس میں ہندوستان کی فضائی دفاعی ضروریات پوری کرنے کا طویل المدتی تجدید عہد کیا گیا ہے۔ اس معاہدے میں فضائی دفاعی نظام میں قریب کے فاصلوں تک مار کرنے والے ہتھیاروں (MRSAM (Medium Range Surface to Air Missile)) کی تیاری میں مدد کی فراہمی بھی شامل ہے۔ دستخطوں کی اس تقریب میں بھارتی مذکورہ ادارے کے ناظم بازاریات (Director Marketing) جناب کے وی سریش کمار اور اسرائیلی دہشت گرد کارخانے کی طرف سے اسی ادارے کی نائب صدر اور صیغہ میزائل کی منتظمہ محترمہ آدی الیشانے دستخط کیے۔ اس معاہدے کی اہمیت کے پیش نظر بھانو پرکاش سری واستاوا، جو بھارتی مذکورہ ادارے کے سربراہ ہیں، دستخطوں کی اس تقریب میں وہ بھی بنفس نفیس موجود تھے۔ یہ دونوں ادارے باہمی تعاون کی ایک وسیع تاریخ رکھتے ہیں، اسرائیلی ادارے نے اس سے پہلے بھی اس بھارتی ادارے کے ساتھ مل کر بہت سے منصوبوں کام کیا ہے اور بہت سا دفاعی نوعیت کا ساز و سامان، ان کی تیاری کے مراحل، خام مال کی فراہمی، ان ہتھیاروں کے معیار کار کو بہتر بنانے میں اور ان کی کارکردگی کو جاننے اور جانچنے میں اسرائیلیوں نے بھارتیوں کو بہت زیادہ مدد فراہم کی ہے۔ موجودہ معاہدہ فضائی دفاعی حصار میں سے قریب تک مار کرنے والے ہتھیاروں کی تیاری، راہنمائی اور معاونت پر مبنی تھا۔ اس موقع پر &quot; بھارتی الیکٹرونکس لمیٹڈ &quot;(Bharat Electronic Limited (BEL)) کے سربراہ جناب بھانو پرکاش سری واستاوا نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس معاہدے سے بھارتی دفاعی صلاحیت میں بڑھوتری ہوگی اور ریاست کی حفاظت کی حفاظت کے انتظامات مزید پختہ ہوتے چلے جائیں گے۔ &quot; بازیلوی &quot; جو اسرائیلی ادارے &quot; اسرائیلی ایرواسپیس انڈسٹریز &quot;(Israel Aerospace Industries(IAI)) کے سربراہ ہیں، انہوں نے بھی اس اہم ترین موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے بے پناہ مسرت کا اظہار کیا اور کہا کہ اسرائیل اور ہندوستان کا باہمی تعاون اعتماد کی منازل طے کرتا چلا جا رہا ہے، انہوں نے وعدہ کیا کہ اب اور ماضی کی مانند اسرائیل آئندہ بھی ہندوستان کو جدید سے جدید عسکری طرق دفاع فراہم کرتا رہے گا اور ہندوستان کے دفاع کو مضبوط سے مضبوط تر کرنے میں اپنا زیادہ سے زیادہ کردار ادا کرے گا۔

آئی ایم ایف کی نئی شرائط

پاکستان معاشی لحاظ سے دن بدن کمزور ہو رہا ہے۔ اگرچہ کئی بار ہم نے خوشخبریاں سنیں کہ اگلے تین ماہ میں یا چھ ماہ میں یا اگلے سال پاکستان کی معیشت میں بہتری آ جائے گی لیکن وہ اگلا عرصہ کبھی آیا ہی نہیں۔ جب بھی ایک ڈیڈ لائن مکمل ہوتی ہے تو ساتھ ہی معاشی بہتری کے لیے دوسری تاریخ دے دی جاتی ہے یوں سال ہا سال گزر گئے مگر معیشت میں بہتری نہیں آئی۔ پاکستان وسائل سے مالا مال ملک ہے لیکن بدقسمتی سے ان وسائل سے ہم صحیح معنوں میں فائدہ نہیں اٹھا سکے۔ ہمارے حکمرانوں نے ہمیشہ مسائل کو چھوڑ کر ان باتوں کی طرف توجہ دی ہے جو مسائل تھے ہی نہیں جیسے موجودہ دور میں حکومت اصل مسائل کی طرف توجہ دینے کی بجائے، یا تو اپوزیشن کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑی ہے اور وزراء اپنی تمام تر توانائیاں سابق وزیر اعظم نواز شریف کی واپسی پر صرف کر رہے ہیں یا روزانہ نت نئے پروگرام لانچ کر کے عوام کو خوش کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کبھی حکومت لنگر خانے کھولتی ہے تو کبھی پناہ گاہیں قائم کرتی ہے۔ کبھی احساس کے نام پر راشن پروگرام متعارف کراتی ہے تو کبھی صحت کارڈز کا اجراء کیا جاتا ہے۔ ٹھیک ہے یہ سب

تحریر: ضیاء الرحمٰن ضیاء

کچھ عوام کے لیے فائدہ مند ہے لیکن نہایت قلیل مدت کے لیے، ان میں سے بھی اکثر پروگراموں سے تمام شہری مستفید نہیں ہو سکتے، پھر یہ پروگرام ملکی معیشت کے لیے بھی سود مند نہیں ہیں، بلکہ ملکی خزانے پر مزید بوجھ کا باعث ہیں۔ حکومت کو ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جو ملکی معیشت کے لیے سود مند ثابت ہوں۔ کیونکہ معیشت اس وقت دنیا میں سب سے بڑا ہتھیار ہے جس ملک کی معیشت مستحکم ہو اسے کسی اسلحہ کی ضرورت نہیں ہوتی، وہ فقط معاشی طاقت سے ہی دیگر ممالک کو پچھاڑ سکتا ہے، اس حوالے سے چین کی مثال ہمارے سامنے ہے جس نے معیشت کو اتنا مستحکم کر دیا کہ دنیا کی سپر طاقت اور اسلحہ کی دوڑ میں سب سے آگے رہنے والا ملک امریکہ بھی گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چین اپنی معیشت کو مزید مضبوط بنانے کے لیے کوششوں میں مصروف ہے اور ہمسایہ ممالک میں سرمایہ کاری اور روڈ بنا کر اپنی مصنوعات کو پوری دنیا میں با آسانی پھیلا رہا ہے۔ معیشت کی مضبوطی کے لیے ضروری ہے کہ ہم کچھ ٹھوس اقدامات کریں۔ آج دنیا میں سیاحت ایک بہت بڑا ذریعہ آمدن سمجھا جاتا ہے بلکہ کئی ممالک تو اسی پر چل رہے ہیں۔ ہمارے ملک میں کون سا ایسا شہر ہے جہاں سیاحتی مقام نہ ہوں۔ پاکستان تو سیاحتی مقامات سے بھرا ہوا ہے، اگر اس شعبے پر ہی پوری توجہ مرکوز کر لی جائے تو ہماری آمدن میں کئی گنا اضافہ ہو سکتا ہے۔ چھوٹے بڑے تاریخی مقامات کی تزئین و آرائش کر کے انہیں قابل توجہ بنایا جا سکتا ہے۔ خاص طور پر دور دراز علاقوں میں جو چھوٹے چھوٹے قلعے وغیرہ ہیں ان کی مرمت کر کے ان کے ساتھ ارد گرد کے کچھ خالی رقبے پر پارک بنا دیے جائیں۔ پھر ان کی تشہیر کی جائے تو یہ بھی اچھے خاصے سیاحتی مقامات بن سکتے ہیں۔ پھر بڑے اور مشہور تاریخی مقامات کی تو بات ہی کچھ اور ہے۔ اسی طرح پاکستان میں جو قدرتی مناظر اور مشہور پہاڑی سیاحتی مقام ہیں ان تک سیاحوں کی رسائی کو آسان بنا کر بھی ہم اس شعبے کو بہت ترقی دے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم ملک کے اندر صنعتیں قائم کریں اور اپنے ملک میں خام مال کے ذخائر تلاش کر کے مصنوعات تیار کریں اور انہیں اپنے ملک میں بھی استعمال کریں اور بیرون ممالک کو بھی فروخت کریں۔ ہمارے پاس جتنی زیادہ صنعتیں ہوں گیں ہماری معیشت اتنی ہی مضبوط ہوتی چلی جائے گی، زیادہ سے زیادہ کارخانے اور فیکٹریاں لگانے سے ہماری درآمدات میں کمی واقع ہوگی اور برآمدات میں اضافہ ہوگا اور یہ معیشت کی مضبوطی کی پہلی علامت ہے۔ اگر ہم خود صنعتیں قائم نہیں کر سکتے تو کم از کم بیرون ممالک سے صنعتکاروں کو ہی اپنی طرف متوجہ کریں اور انہیں پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیں، بیرونی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لیے حکومت کو چاہیے کہ پاکستان کے ہر شہر میں ایک انڈسٹریل زون قائم کرے اور شہری آبادی سے ذرا ہٹ کر ایک قطعہ اراضی صنعتوں کے لیے مختص کرے جہاں بیرونی سرمایہ کاروں کو مفت یا چند سالوں کے لیے لیز پر زمین دی جائے جس کا کرایہ نہایت کم ہو۔ ہمارے پاس ہر شہر میں بڑے پیمانے پر غیر آباد زمینیں موجود ہیں اس لیے ہمیں زمین کی فراہمی میں کوئی دقت نہیں ہوگی۔ لہٰذا ہر چھوٹے بڑے شہر میں انڈسٹریل زون قائم کر دیے جائیں، ان انڈسٹریل زونز میں ٹیکسوں کی خصوصی رعایت رکھی جائے۔ اس کے بعد ان زونز میں بجلی اور گیس کی بلاتعطل اور وافر مقدار میں فراہمی کو یقینی بنائیں تا کہ صنعتوں کا کام ہر وقت جاری و ساری رہے اور ان انڈسٹریل زونز کی سیکیورٹی یقینی بنائیں تا کہ بیرونی سرمایہ کار بلاخوف و خطر اپنا کام جاری رکھ سکیں۔ اگر ہم یہ اقدامات کر لیں تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ بیرونی سرمایہ کار ہمارے ملک میں سرمایہ کاری نہ کریں ہمیں صنعتیں قائم کرنے کے لیے سرمایہ لگانے کی بھی ضرورت نہیں رہے گی ہم فقط انڈسٹریل زونز کا انتظام کریں کیونکہ ہمارے پاس ہنرمند اور پڑھے لکھے افراد بہت زیادہ ہیں اور بیرونی سرمایہ کاروں کے لیے بہت کشش رکھتے ہیں لہٰذا ہمارے وطن کی یہ خوبی بھی بیرونی سرمایہ کاروں کی رغبت کا سبب بن سکتی ہے۔

راولپنڈی
اسلام آباد

نقشہ

اوقاتِ سحر و افطار

رمضان 1445ھ
مطابق مارچ، اپریل 2024ء

رمضان	تاریخ	انتہائے سحر	اذان فجر	افطار	رمضان	تاریخ	انتہائے سحر	اذان فجر	افطار
یکم رمضان	منگل 12 مارچ	4:59	5:14	6:15	16	بدھ 27 مارچ	4:38	4:53	6:27
2	بدھ 13 مارچ	4:58	5:13	6:16	17	جمعرات 28 مارچ	4:37	4:52	6:28
3	جمعرات 14 مارچ	4:57	5:11	6:17	18	جمعہ 29 مارچ	4:35	4:50	6:28
4	جمعہ 15 مارچ	4:55	5:10	6:18	19	ہفتہ 30 مارچ	4:34	4:49	6:29
5	ہفتہ 16 مارچ	4:54	5:08	6:19	20	اتوار 31 مارچ	4:32	4:47	6:30
6	اتوار 17 مارچ	4:52	5:07	6:19	21	پیر یکم اپریل	4:31	4:46	6:31
7	پیر 18 مارچ	4:51	5:06	6:20	22	منگل 2 اپریل	4:29	4:44	6:31
8	منگل 19 مارچ	4:50	5:04	6:21	23	بدھ 3 اپریل	4:28	4:43	6:32
9	بدھ 20 مارچ	4:48	5:03	6:22	24	جمعرات 4 اپریل	4:26	4:41	6:33
10	جمعرات 21 مارچ	4:47	5:02	6:22	25	جمعہ 5 اپریل	4:25	4:40	6:34
11	جمعہ 22 مارچ	4:45	5:00	6:23	26	ہفتہ 6 اپریل	4:23	4:38	6:34
12	ہفتہ 23 مارچ	4:44	4:59	6:24	27	اتوار 7 اپریل	4:22	4:37	6:35
13	اتوار 24 مارچ	4:42	4:57	6:25	28	پیر 8 اپریل	4:20	4:36	6:36
14	پیر 25 مارچ	4:41	4:56	6:25	29	منگل 9 اپریل	4:19	4:34	6:37
15	منگل 26 مارچ	4:40	4:54	6:26	30	بدھ 10 اپریل	4:17	4:33	6:37

پہلا عشرہ
رَحمَت کا

یکم رمضان سے دس رمضان المبارک

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ
وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

اے میرے رب مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما
تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے

دُوسرا عشرہ
مَغفِرَت کا

گیارہ رمضان سے بیس رمضان المبارک

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ
كُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ

میں اللہ سے تمام گناہوں کی بخشش مانگتا ہوں جو میرا
پروردگار ہے اور اُسی کی طرف رجوع کرتا ہوں

تیسرا عشرہ
نِجَات کا

اکیس رمضان سے تیس رمضان المبارک

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ
الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا

اے اللہ بیشک تو معاف کرنے والا ہے، معاف
کرنے کو پسند کرتا ہے، پس ہمیں معاف فرما

روزہ رکھنے کی دعا

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

روزہ افطار کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ
وَعَلَيْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

ماہ صیام کا آخری عشرہ اور اعتکاف

اعتکاف
رمضان کے آخری عشرے کی اہم عبادت

ماہ صیام رحمت و مغفرت اور نیکیوں کا موسم بہار ہے، اس کے شب و روز انتہائی بابرکت اور اہل ایمان کے لیے اللہ تعالیٰ کا عظیم انعام ہیں۔ اس ماہ مبارک کا پہلا عشرہ رحمت، دوسرا مغفرت اور تیسرا جہنم سے نجات کا ہے۔ الحمد للہ، اب ہم ماہ رمضان کے آخری عشرے میں داخل ہوچکے ہیں، یہ وہ عشرہ ہے جس کی طاق راتوں میں شب قدر کی تلاش کا حکم ہے۔ یوں تو پورا رمضان ہی عبادت، ذکر و اذکار، تلاوت قرآن، فرائض و نوافل کی پابندی، صدقہ و خیرات اور نیکی و احسان کا مہینہ ہے، مگر اس کے آخری عشرے کو خصوصی اہمیت حاصل ہے، کیوں کہ آپ ﷺ آخری عشرے میں باقی ایام کی نسبت عبادت کا زیادہ اہتمام فرماتے تھے۔ خود بھی جاگتے اور اپنے اہل و عیال کو بھی جگاتے، جس سال آپ ﷺ نے رحلت فرمائی، اس سال آپ ﷺ نے رمضان میں بیس دن کا اعتکاف فرمایا۔ ایک مرتبہ آپ ﷺ کسی وجہ سے اعتکاف نہ کرسکے تو آپ ﷺ نے اس کے عوض شوال کے مہینے میں اعتکاف فرمایا۔ اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ یہ عمل آنحضرت ﷺ کو کس قدر محبوب تھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے ایک دن کا اعتکاف کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کے اور جہنم کے درمیان تین خندقوں کو آڑ بنادے گا۔ جن کی مسافت آسمان و زمین کی درمیانی مسافت سے بھی زیادہ چوڑی ہوگی۔'' اسی طرح آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص رمضان میں دس روز کا اعتکاف کرے تو اس کا یہ عمل دو حج اور دو عمروں جیسا ہوگا۔''

اعتکاف کا لغوی معنی ہے ٹھہرنا اور رکنا۔ اصطلاح شریعت میں کوئی شخص اللہ کا قرب حاصل کرنے، اس کی عبادت، ذکر و اذکار کرنے کی نیت سے مسجد میں ایک خاص مدت کے لیے قیام کرے تو اسے اعتکاف کہتے ہیں۔

اعتکاف کا مقصد اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا، ہر طرف سے یک سو ہوکر اس کی عبادت میں مشغول رہنا اور اس سے تعلق جوڑنا ہے، ایک متعین وقت کے لیے دنیا کی رنگارنگی سے کنارہ کش ہوکر صرف اللہ وحدہ لاشریک لہ سے خلوت اور تنہائی میں لو لگانا ہے، اعتکاف کے دوران دیگر دنیاوی سرگرمیوں سے اعتکاف کا مقصد متاثر ہوجاتا ہے، اس لیے معتکف کو چاہیے کہ وہ نماز، تلاوت، ذکر و اذکار، تعلیم و تعلم اور دیگر عبادات میں اپنا زیادہ وقت گزارے، اس کے علاوہ جو مصروفیات ہوں، انہیں ترک کردے، سب چیزوں سے کٹ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف یک سو ہوجائے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ ''رسول ﷺ نے معتکف (اعتکاف کرنے والے) کے بارے میں فرمایا کہ اعتکاف کرنے والا چونکہ (اعتکاف کے زمانے میں) گناہوں سے رکا رہتا ہے، اس لیے اس کے حق میں تمام نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔'' یعنی اعتکاف کرنے والا اعتکاف کی وجہ سے رکا ہوا تو گناہوں سے ہے، لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان کا معاملہ اس کے ساتھ یہ ہے کہ اس کے حق میں وہ تمام نیکیاں بھی لکھ دی جاتی ہیں جو اس دوران وہ مسجد سے باہر ہونے کی صورت میں کرتا، یعنی یہ بات تو نہیں لکھی جاتی کہ وہ مسجد سے باہر ہوتا تو یہ بدی یا برائی کرتا، لیکن یہ لکھا جاتا ہے کہ وہ مسجد سے باہر ہوتا تو یہ نیکی کرتا۔ مثال کے طور پر نماز جنازہ کی ادائیگی، بیمار پرسی، اسلام کی تعلیم اور دین کی اشاعت وغیرہ۔ ایک اور مقام پر اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص رمضان میں دس روز کا اعتکاف کرتا ہے تو اسے دو مقبول حج اور عمرے کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔'' رمضان کے آخری عشرے میں جو اعتکاف کیا جاتا ہے، وہ سنتِ مؤکدہ کفایہ ہے، یعنی مسلمانوں کو بحیثیت اجتماعی اس سنت کا اہتمام کرنا چاہیے، کیوں کہ احادیث میں اس کی انتہائی تاکید کی گئی ہے۔ خود نبی اکرم ﷺ کی وصال تک اس پر مداومت رہی، اس لیے اگر مسلمان اس سنت کو اجتماعی طور پر چھوڑ دیں گے تو سب گناہ گار ہوں گے اور اگر بستی کے کچھ افراد بھی اس سنت کا اہتمام کرلیں تو چوں کہ یہ سنت کفایہ ہے، اس لیے چند افراد کا اعتکاف سب کی طرف سے کافی ہے۔ یہ عمل انتہائی خرابی کا باعث ہوگا کہ مسلمان بحیثیت مجموعی اللہ کے رسول ﷺ کے اس پسندیدہ عمل سے بے اعتنائی برتیں۔

رمضان المبارک کے آخری عشرہ کا یہ اعتکاف سنت مؤکدہ علیٰ الکفایہ ہے یعنی ایک بستی یا محلے میں کوئی ایک شخص بھی اعتکاف کرے تو تمام اہلِ محلہ کی طرف سے سنت ادا ہوجائے گی، لیکن اگر سارے محلے میں سے کسی ایک نے بھی اعتکاف نہ کیا تو سارے محلے والوں پر ترک سنت کا گناہ ہوگا۔

اعتکاف کی تین قسمیں ہیں۔ 1۔ اعتکاف واجب۔ 2۔ اعتکاف سنت۔ 3۔ اعتکاف مستحب۔

اعتکاف واجب:۔ اگر کسی شخص نے یہ منت مانی کہ میرا فلاں کام ہوجائے تو میں ایک دن یا دو دن کا اعتکاف کروں گا اور پھر وہ کام ہوگیا تو اس شخص پر واجب ہے کہ وہ اعتکاف کرے، یاد رہے کہ اعتکاف واجب کے لیے روزہ شرط ہے، بغیر روزہ کے اعتکاف واجب صحیح نہیں ہے۔ (درمختار)

اعتکاف سنت مؤکدہ:۔ یہ اعتکاف رمضان المبارک کے آخری دس دنوں میں کیا جاتا ہے یعنی بیسویں رمضان کو سورج ڈوبنے سے پہلے اعتکاف کی نیت سے مسجد میں داخل ہوجائے اور تیسویں رمضان کو سورج ڈوبنے کے بعد یا انتیسویں رمضان کو چاند ظاہر ہونے کے بعد مسجد سے نکلے، یاد رہے کہ اعتکاف کی یہ قسم سنت مؤکدہ کفایہ ہے، یعنی اگر تمام اہل محلہ اسے چھوڑ دیں گے تو سب آخرت میں مؤاخذہ میں گرفتار ہوں گے اور اگر ایک آدمی نے بھی اعتکاف کرلیا تو سب آخرت کے مؤاخذے سے بری ہوجائیں گے۔ اس اعتکاف میں بھی روزہ شرط ہے، مگر وہی رمضان کے روزے کافی ہیں۔ (درمختار)

اعتکاف مستحب:۔ اعتکاف مستحب یہ ہے کہ جب کبھی بھی دن یا رات میں مسجد کے اندر داخل ہو تو اعتکاف کی نیت کرے جتنی دیر مسجد میں رہے گا، اعتکاف کا ثواب پائے گا۔ نیت کے لیے صرف دل میں اتنا خیال کرلینا اور منہ سے کہہ لینا کافی ہے کہ میں نے اللہ کے لیے اعتکاف مسجد کی نیت کی۔ (فتاویٰ عالمگیری)

☆اعتکاف کرنے والوں کے لیے بلا عذر مسجد سے نکلنا منع ہے، اگر نکلے تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا، چاہے قصداً نکلے یا بھول کر۔ اس طرح عورت نے بھی جس گھر میں اعتکاف کیا ہے، اس کا بھی اس گھر سے نکلنا منع ہے۔ اگر عورت اس مکان سے باہر نکل گئی تو خواہ قصداً نکلی ہو یا بھول کر اس کا اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔ (درمختار)

☆مرد کے لیے ضروری ہے کہ وہ مسجد میں اعتکاف کرے اور عورت اپنے گھر میں اس جگہ اعتکاف کرے جو جگہ اس نے نماز پڑھنے کے لیے مقرر کی ہو۔ (درمختار) ☆اعتکاف کرنے والا دن رات مسجد میں ہی رہے گا، وہیں کھائے، پیئے، سوئے مگر احتیاط رکھے کہ کھانے پینے سے مسجد کا تقدس پامال نہ ہو۔ وہاں گندگی نہ پھیلائے۔ معتکف کے علاوہ کسی اور کے لیے مسجد میں کھانے، پینے اور سونے کی اجازت نہیں ہے، اس لیے اگر کوئی شخص مسجد میں کھانا، پینا اور سونا چاہے تو اسے چاہیے کہ مستحب اعتکاف کی نیت کرکے مسجد میں داخل ہو، پھر اس کے لیے کھانے، پینے اور سونے کی اجازت ہے۔ (درمختار)

اعتکاف کرنے والے کو چاہیے کہ اپنا زیادہ تر وقت نفلی نمازوں، تلاوت قرآن مجید، علم دین کی تحصیل وغیرہ میں گزارے، دنیوی اور فضول باتوں سے احتراز کرے۔ باوضو ہونے کا اہتمام کرے اور بکثرت درود شریف کا ورد کرے۔

اعتکاف
ماہِ صیام کی ایک باعثِ اجر و فضیلت عبادت

اعتکاف رمضان المبارک کی ایک اہم عبادت ہے۔ 2 ہجری میں روزے کی فرضیت کے بعد سے وصال تک نبی اکرم ﷺ نے ہمیشہ رمضان میں اعتکاف فرمایا۔ صحابہ کرامؓ، تابعینؒ اور تبع تابعینؒ بھی اس سنت پر اہتمام سے عمل فرمایا کرتے تھے۔ لاک ڈاؤن جاری رہنے پر دو اہم مسائل کی وضاحت ضروری سمجھتا ہوں۔

اعتکاف: ثواب کی نیت سے مسجد میں ٹھہرنے کو اعتکاف کہا جاتا ہے۔ اعتکاف میں انسان دنیاوی مشاغل چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کے در یعنی مسجد کا رخ کرتا ہے۔ پوری توجہ کے ساتھ عبادت میں مشغول رہنے سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو خاص تعلق اور قربت پیدا ہوتی ہے، وہ تمام عبادتوں میں ایک نرالی شان رکھتی ہے۔ نفلی اعتکاف تھوڑی دیر کے لئے بھی ہوسکتا ہے، لیکن مسنون اعتکاف رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف ہے جو سنت علیٰ الکفایہ ہے، یعنی محلے میں اگر ایک شخص بھی اعتکاف کرلے تو سب کے ذمہ سے ساقط ہوجائے گا۔ رمضان المبارک کی بیس تاریخ کو سورج غروب ہونے سے کچھ پہلے اعتکاف شروع کیا جاتا ہے اور عید کا چاند نظر آنے تک جاری رہتا ہے۔ اس اعتکاف کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے تقرب کے ساتھ شب قدر کی عبادت حاصل ہوجاتی ہے جس میں عبادت کرنا اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق ہزار مہینوں یعنی 83 سال کی عبادت سے بھی زیادہ بہتر ہے۔ اس لئے کوشش ہونی چاہئے کہ ہر بڑی مسجد میں کم از کم ایک فرد اعتکاف کرلے، اور اس میں لاک ڈاؤن کی خلاف ورزی بھی نہیں ہے۔ مرد حضرات کے اعتکاف کے لئے مسجد شرط ہے، یعنی وہ گھر میں اعتکاف نہیں کرسکتے، البتہ خواتین اپنے گھر کی اس خاص جگہ پر جو عموماً نماز وغیرہ کے لئے مخصوص کرلی جاتی ہے، اعتکاف کرسکتی ہیں۔

مسنون اعتکاف سے متعلق تین احادیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے رمضان کے پہلے عشرے میں اعتکاف فرمایا اور پھر دوسرے عشرہ میں بھی، پھر خیمے سے جس میں اعتکاف فرمارہے تھے، باہر سر نکال کر ارشاد فرمایا کہ میں نے پہلے عشرہ کا اعتکاف شب قدر کی تلاش اور اہتمام کی وجہ سے کیا تھا، پھر اسی کی وجہ سے دوسرے عشرہ میں کیا، پھر مجھے کسی (یعنی فرشتہ) نے بتایا کہ وہ رات آخری عشرہ میں ہے، لہٰذا جو لوگ میرے ساتھ اعتکاف کررہے ہیں، وہ آخری عشرے کا بھی اعتکاف کریں۔ (بخاری، مسلم)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف فرماتے تھے، وصال تک آپ کا یہ معمول رہا۔ (بخاری و مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہر رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف فرماتے تھے لیکن جس سال آپ ﷺ کا وصال ہوا، اس سال آپ ﷺ نے بیس دن کا اعتکاف فرمایا۔ (صحیح بخاری)

اعتکاف کے بعض اہم مسائل و احکام: معتکف کو بلا ضرورت شرعیہ و طبعیہ اعتکاف والی مسجد سے باہر نکلنا جائز نہیں ہے۔ معتکف کے متعلقین میں سے کوئی سخت بیمار ہوجائے یا کسی کی وفات ہوجائے یا کوئی بڑا حادثہ پیش آجائے یا معتکف خود ہی سخت بیمار ہوجائے یا اس کی جان و مال کو خطرہ لاحق ہوجائے تو معتکف کے مسجد سے چلے جانے سے اعتکاف ٹوٹ جائے گا، لیکن ایسی مجبوری میں چلے جانے سے گناہ نہیں ہوگا ان شاء اللہ، البتہ بعد میں قضا کرلینی چاہیے۔

بقیہ جات

چیئرمین ثالثی کونسل یونین کونسل نمبر 13 ہمک اسلام آباد

مقدمہ نمبر MFL-UCH78/2023 مسماۃ ایمن النساء دختر شاہد محمود ساکن مکان نمبر 25 سٹریٹ نمبر 17 سیکٹر ڈی ایچ اے فیز ٹو G اسلام آباد فریق اول بنام مسمی مہتاب عزیز ولد عبدالعزیز ساکن مکان نمبر 285 لین نمبر 3 اقبال مارکیٹ نزد کشمیر کریانہ سٹور ڈھمیال کیمپ راولپنڈی فریق دوئم عنوان ڈگری تنسیخ نکاح اشتہار بنام مسمی مہتاب عزیز ولد عبدالعزیز ساکن مکان 285 لین نمبر 3 اقبال مارکیٹ نزد کشمیر کریانہ سٹور ڈھمیال کیمپ راولپنڈی فریق دوئم مقدمہ بعنوان بالا فریق دوئم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل قرار پائی ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 3/4/24 کو دفتر ہذا میں اصالتاً وکالتاً مختار تایا جیسی بھی صورت ہو حاضر ہوں عدم حاضری کی بنا پر یکطرفہ کارروائی عمل میں لاکر سرٹیفکیٹ طلاق جاری کردیں جائیں گا اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

المشتھر: چیئرمین ثالثی کونسل یونین کونسل نمبر 3 1 ہمک اسلام آباد

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

چیئرمین ثالثی کونسل یونین کونسل نمبر 13 ہمک اسلام آباد

مقدمہ نمبر MFL-UCH13(04)/2024 مسماۃ مشارضا دختر عابد رضا ساکن مکان نمبر 2 سٹریٹ نمبر 6 لین 09 سیکٹر ڈی ایچ اے فیز ٹو G اسلام آباد فریق اول بنام مسمی محمد تیمور خان ساکن فلیٹ نمبر A بلاک A سیکٹر F11/1 کرا کرم انکلیو فیز 1 اسلام آباد فریق دوئم عنوان ڈگری تنسیخ نکاح اشتہار بنام مسمی تیمور خان ولد محمد اسلم خان ساکن فلیٹ نمبر A بلاک، A سیکٹر F11/1 کرا کرم انکلیو فیز 1 اسلام آباد فریق دوئم مقدمہ بعنوان بالا فریق دوئم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل قرار پائی ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 3/4/24 کو دفتر ہذا میں اصالتاً وکالتاً مختار تایا جیسی بھی صورت ہو حاضر ہوں عدم حاضری کی بنا پر یکطرفہ کارروائی عمل میں لاکر سرٹیفکیٹ طلاق جاری کر دیا جائیگا اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

المشتھر: چیئرمین ثالثی کونسل یونین کونسل نمبر 3 1 ہمک اسلام آباد

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

چیئرمین ثالثی کونسل یونین کونسل نمبر 13 ہمک اسلام آباد

مقدمہ نمبر MFL-UCH13(01)/2024 مسمی سید رضوان علی گیلانی ساکن مکان نمبر 8 سٹریٹ نمبر 06 سیکٹر ڈی ایچ اے فیز ٹو جی اسلام آباد فریق اول بنام مسماۃ سعدیہ رضوان دختر نسیم گھمن ساکن مکان نمبر 44 سٹریٹ نمبر 5 سیکٹر ڈی ایچ اے فیز ٹو ایچ اسلام آباد فریق دوئم عنوان نوٹس طلاق اشتہار بنام مسماۃ سعدیہ رضوان دختر نسیم گھمن ساکن۔ مکان نمبر 44 سٹریٹ نمبر 5 سیکٹر ڈی ایچ اے فیز ٹو ایچ اسلام آباد فریق دوئم مقدمہ بعنوان بالا فریق دوئم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل قرار پائی ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 3/4/24 کو دفتر ہذا میں اصالتاً وکالتاً مختار تایا جیسی بھی صورت ہو حاضر ہوں عدم حاضری کی بنا پر یکطرفہ کارروائی عمل میں لاکر سرٹیفکیٹ طلاق جاری کر دیا جائیگا اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

المشتھر: چیئرمین ثالثی کونسل یونین کونسل نمبر 3 1 ہمک اسلام آباد

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

درستگی نام

میری بیٹی کا نام سکول کے داخلہ فارم میں غلطی سے نمرہ زینب کی بجائے سیدہ نمرہ عباس لکھا گیا ہے لہذا درستگی کی جائے درست نام نمرہ زینب لکھا و پکارا جائے۔

المشتھر: ام لیلی والدہ نمرہ زینب طالب علم بیکن ہاؤس گرلز برانچ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

بقیہ 1 فیصلہ

قومی اسمبلی میں تحریک التوا جمع کروانے کا فیصلہ کرلیا۔ تحریک التوا سنی اتحاد کونسل کے تمام اراکین قومی اسمبلی کے دستخط کے ساتھ جمع کرائے جائے گی اور تحریک

کامیابیاں شہباز شریف کے گذشتہ دور کا ایس بی اے معاہدہ ہے

بقیہ 4 سٹاک مارکیٹ

مندی کے سبب 55 فیصد حصص کی قیمتیں گر گئیں جبکہ سرمایہ کاروں کے 17 ارب 66 کروڑ 58 لاکھ 52 ہزار 175 روپے ڈوب گئے۔ سرمایہ کاروں کی موجودہ اقتصادی ٹیم کی حکمت عملی پر اعتماد، آئی ایم ایف کے اصلاحاتی ایجنڈے پر مکمل عمل درآمد اور مثبت سینٹیمنٹس کے باوجود جمعہ کو مندی کی لپیٹ میں رہی جس کی بنیادی وجہ آئل اینڈ گیس او ایم سیز اور سیمنٹ سیکٹر میں بڑھتی ہوئی پرافٹ ٹیکنگ تھی۔ وزیرخزانہ کی جون تک پی آئی اے کی نجکاری اور تمام ایئرپورٹس کو آوٹ سورس کرنے کے اعلان سے کاروبار کے آغاز پر 166 پوائنٹس کی تیزی بھی ہوئی لیکن فوری کے حصول پر رجحان غالب ہونے سے جاری تیزی مندی میں تبدیل ہوگئی جس سے ایک موقع پر 320 پوائنٹس کی مندی سے انڈیکس کی 67000 پوائنٹس کی نفسیاتی سطح بھی گر گئی تھی تاہم اختتامی لمحات میں نچلی قیمتوں پر آئے ہوئے حصص کی خریداری سرگرمیاں بڑھنے سے مندی کی شدت میں کمی واقع ہوئی۔ نتیجتاً کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 137.02 پوائنٹس کی کمی سے 67005.11 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا، کے ایس ای 30 انڈیکس 68.53 پوائنٹس کی کمی سے 22021.47 پوائنٹس، کے ایم آئی 30 انڈیکس 221.16 پوائنٹس کی کمی سے 112364.01 پوائنٹس ہوگیا جبکہ اسکے برعکس کے ایم آئی آل شیئر انڈیکس 7.09 پوائنٹس کے اضافے سے 31562.81 پوائنٹس پر بند ہوا۔ کاروباری حجم جمعرات کی نسبت 26 فیصد کم رہا اور مجموعی طور پر 31 کروڑ 30 لاکھ 35 ہزار 305 حصص کے سودے ہوئے جبکہ کاروباری سرگرمیوں کا دائرہ کار 343 کمپنیوں کے حصص تک محدود رہا جن میں 136 کے بھاؤ میں اضافہ 188 کے داموں میں کمی اور 19 کی قیمتوں میں استحکام رہا۔

بقیہ 5 لاانیڈ جسٹس کمیشن

ہائیکورٹس میں صرف 7 خواتین ججز ہیں جبکہ ملک بھر کی اعلی عدلیہ میں ججز کی کل تعداد 126 ہے۔ ضلعی عدلیہ میں 2451 مرد ججز جبکہ 565 خواتین ہیں۔ ملک بھر میں وکلا کی کل تعداد 2 لاکھ 30 ہزار 897 ہے۔ جن میں 40 ہزار خواتین شامل ہیں جبکہ 2210 پراسیکیوٹرز ہیں جن میں 341 خواتین شامل ہیں۔

بقیہ 6 صدر ملاقات

گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے جمعہ کو ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی۔ صدر مملکت نے دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کو درپیش مشترکہ چیلنجوں پر قابو پانے کے لئے مل کر کام کرنے پر زور دیا۔ ایرانی سفیر نے صدر مملکت کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ ایران اور پاکستان دونوں کے درمیان تاریخی، مذہبی اور ثقافتی رشتے ہیں جو وقت کے ساتھ ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارتی حجم، بینکنگ تعاون اور فضائی اور کاروباری روابط بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ سفیر نے مزید کہا کہ پاکستان چاہ بہار - زاہدان ریل روڈ سے وسطی ایشیا، یورپ اور ترکی کے ساتھ تجارت کے لئے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں پاک ایران تعلقات کو نئی تحریک ملے گی۔ انہوں نے ایرانی صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی کی جانب سے صدر پاکستان کے لئے تہنیتی پیغام بھی پہنچایا۔

بقیہ 7 وزیراعظم

سب مل کر کیسو ہو جائیں۔ شہباز شریف نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ پاکستان کو غیر قانونی تجارت اور اسمگلنگ نے بے پناہ نقصان پہنچایا۔ اتحادی حکومت نے 2022 میں ڈھائی لاکھ ٹن چینی کی درآمد کی اجازت دی تھی۔ جو چینی بیچ کر ہم ڈالر کما سکتے تھے وہ افغانستان اسمگل ہونے سے نقصان ہوا۔ بجلی چوری سے سالانہ 400 سے 500 ارب روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ شعبہ پیٹرولیم میں بھی گیس چوری سے نقصان ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال محصولات کا 9 کھرب کا تخمینہ ہے۔ 2700 ارب روپے کے محصولات سے متعلق کیسز عدالتوں میں زیرالتوا ہیں۔ نگراں حکومت میں شعبہ توانائی میں 58 ارب روپے کی چوری ریکور ہوئی۔ نگراں حکومت میں انسداد اسمگلنگ سے متعلق ٹھوس اقدامات کیے گئے۔ آرمی چیف اور صوبوں کے تعاون سے انسداد اسمگلنگ میں مدد ملی ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اگر ارادہ ہو تو تمام رکاوٹیں ختم ہو جاتی ہیں۔ ایف بی آر کی

منصب سنبھالنے اور آئی ایم ایف کے ساتھ کامیاب سٹاف لیول معاہدے پر محمد اورنگ زیب کو مبارکباد پیش کی۔ ان کا کہنا ہے کہ ملک کی تعمیر وترقی میں پی ایس ایکس کی حمایت شامل رہے گی۔ چیئرپرسن بورڈ پاکستان اسٹاک ایکسچینج نکایہ بھی کہنا ہے کہ پی ایس ایکس اب فیڈریشن آف ایکسچینجز کی ممبر ہے، ای ایس جی پر توجہ سے دنیا کو کیپیٹل مارکیٹ تک رسائی دینا چاہتے ہیں۔ فرخ ایچ خان کے ساتھ مل کر کیپیٹل مارکیٹ کی حکمتِ عملی بنائی ہے، اس حکمتِ عملی کا محور ایکسچینج کو پائیداری دینا ہے۔ پاکستان سٹاک ایکسچینج کا تاریخ بلند ریکارڈ قائم کرنا بہت بڑی تاریخی کامیابی ہے، یہ تاریخی کامیابی ملک میں مزید اصلاحات کا پیش خیمہ ہے۔ پاکستان سٹاک ایکسچینج کے کاروبار میں پہلے سے زیادہ اضافہ ہوا ہے، ہمیں اس شاندار کامیابی کے تسلسل کو جاری رکھنا ہے۔

بقیہ 12 محسن نقوی

مجموعی سکیورٹی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے چین کے سفیر سے بھی ملاقات کی اور حملے سے متعلق ہونے والی اپ ڈیٹ سے آگاہ کیا۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ شانگلہ حملے کے اصل ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لائیں گے۔

بقیہ 13 تبدیل

پولنگ ہوگی۔ دریں اثنا سینیٹ انتخابات کیلئے تیاریاں آخری مرحلے میں داخل ہوگئیں، سینیٹ انتخابات کیلئے بیلٹ پیپرز کی چھپائی کا کام جاری ہے۔ اس حوالے سے الیکشن کمیشن حکام کا کہنا ہے کہ 2 اپریل کو ہونے والے سینیٹ انتخابات کیلئے چار رنگوں کے بیلٹ پیپرز چھاپے جا رہے ہیں، سینیٹ کی جنرل نشستوں کے لیے سفید رنگ کا بیلٹ پیپر استعمال ہوگا جبکہ ٹیکنوکریٹ کی نشست کیلئے سبز رنگ کا بیلٹ پیپر استعمال کیا جائے گا۔ خواتین کی مخصوص نشستوں کیلئے گلابی رنگ اور اقلیتی نشستوں کیلئے پیلے رنگ کا بیلٹ پیپرز استعمال کیا جائے گا۔ اسلام آباد اور کراچی کی پرنٹنگ پریسز میں بیلٹ پیپرز کی چھپائی جاری ہے، سینیٹ انتخابات کیلئے دوکالمی بیلٹ پیپرز چھاپے جارہے ہیں۔ یاد رہے کہ سینیٹ کی 48 نشستوں پر انتخابات 2 اپریل کو شیڈول ہیں جس کیلئے قومی اسمبلی اور چاروں صوبائی اسمبلیوں میں ووٹنگ ہوگی۔ سینیٹ انتخابات میں سندھ اور پنجاب کی 12، 12 نشستوں جبکہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی 11، 11 اور اسلام آباد کی 2 سیٹوں پر الیکشن ہوں گے۔ اس سے قبل الیکشن کمیشن نے سینیٹ انتخابات کیلئے الیکشن کمیشن نے امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کردی تھی۔ اسلام آباد سے ٹیکنوکریٹ کی نشست پر مسلم لیگ (ن) کے اسحاق ڈار، جنرل نشست پر پیپلز پارٹی کے رانا محمود الحسن میدان اور تحریک انصاف کے حمایت یافتہ ٹیکنوکریٹ کی نشست پر انصر محمود اور جنرل نشست پر فرزند حسین شاہ میدان میں ہیں۔ اسی طرح سندھ سے سینیٹ کی 12 نشستوں پر 20 امیدوار مدمقابل ہوں گے۔ پنجاب میں سینیٹ کی 7 جنرل نشستوں پر بلا مقابلہ منتخب ہونے والے امیدواروں کا باقاعدہ اعلان کردیا گیا جبکہ خیبر پختونخوا سے سینیٹ کی 11 نشستوں پر 26 امیدوار مدمقابل ہیں، 7 جنرل نشستوں پر 16، ٹیکنوکریٹ کی 2 نشستوں پر 6، خواتین کی 2 نشستوں پر 4 امیدواروں میں مقابلہ ہوگا۔

بقیہ 14 طلب

مقدمہ میں فرد جرم عائد کیلئے 4 اپریل کو طلب کرلیا، جج ارشد حسین بھٹہ نے گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری کردیا۔ عدالت نے فیصلے میں لکھا کہ سینٹرل جیل راولپنڈی نے پرویز الٰہی کی میڈیکل رپورٹس جمع کروائیں۔ 17 مارچ کو رہنما تحریک انصاف واش روم میں گر گئے، گرنے سے پرویز الٰہی کی پسلی فریکچر ہوئی تھی۔ تحریری حکم میں بتایا گیا کہ میڈیکل افسر نے پرویز الٰہی کو دو ہفتوں کے آرام کا مشورہ دیا ہے۔ پرویز الٰہی کو عدالت پیش نہیں کیا گیا۔ اسی وجہ سے فرد جرم عائد نہیں ہوسکی۔ عدالتی حکم میں مزید لکھا گیا کہ میڈیکل افسر نے سابق وزیراعلی پنجاب کو دو ہفتوں کے آرام کا مشورہ دیا ہے، ملزم کو عدالت پیش نہ کیا گیا جس کے باعث فرد جرم عائد نہیں ہوسکی

بقیہ 15 بے نقاب

کو ہمیشہ بھارت نے اپنے دہشت گردانہ عزائم کی تکمیل کے لئے استعمال کرنے کی کوششیں کیں، پاکستان میں ہونے والی زیادہ تر دہشت گردی کی کارروائیوں کے تانے بانے بھارت سے جا ملتے ہیں۔ ازلی دشمن بھارت نے ہمیشہ بزدلانہ وار کرتے ہوئے معصوم پاکستانی شہریوں پر حملے کیے۔ 25 اور 26 مارچ کی درمیانی شب دہشت گردوں کی جانب سے تربت نیول ایئر بیس پر حملہ کیا گیا۔ اس حملے اور اس سے قبل ہونے والے حملوں

کو مزید بڑھانے کے لیے ان اکائنٹس کو منجمد کیا گیا ہے۔

بقیہ 18 دفتر خارجہ

مقامات پر اسرائیلی حملوں کی مذمت کرتے ہیں۔ یہ غیر انسانی حرکت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیر نیشنل فرنٹ پر بھارتی پابندی کی شدید مذمت کرتا ہے۔ بھارت فوری طور پر کشمیر کی سیاسی جماعتوں پر سے پابندی ہٹائے۔ پاکستان کشمیریوں کی سیاسی، اخلاقی وسفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے یورپی یونین سے اہم اور وسیع تعلقات ہیں۔ جی ایس پی پلس ان تعلقات کا اہم جزو ہے۔ گزشتہ ہفتے فریقین کے سیاسی مذاکرات کا نواں دور ہوا۔ دونوں فریق مل کر تمام شعبوں میں کام جاری رکھیں گے۔ اس حوالے سے سب کمیٹی کا اجلاس 29 مارچ کو شیڈول ہے۔ پاکستان امریکا کے ساتھ بھی تعلقات کو اہمیت دیتا ہے۔ امید کرتے ہیں کہ امریکی کانگریس دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کے لیے کردار ادا کرتی رہے گی۔ دفتر خارجہ کی ترجمان نے کہا کہ پاکستان نے 11 مارچ کو بھارتی میزائل ٹیسٹ کو نوٹ کیا ہے۔ بھارت نے پاکستان کو میزائل تجربہ سے پہلے آگاہ کیا۔ یہ آگاہی معاہدے کے مطابق 3 روز قبل نہیں دی گئی۔ معاہدے کے مطابق آگاہی دے جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان رابطے کے بہت سے چینلز ہیں۔ افغانستان کے ساتھ دہشت گردی سمیت دیگر ایشوز پر بات چیت ہوتی رہتی ہے۔ دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں سے متعلق بھی بات ہوتی ہے۔ تمام ممالک سے اچھے تعلقات ہماری خارجہ پالیسی ہے۔ پاکستان چاہتا ہے کہ ایشیا پیسفک امن کا خطہ ہو۔

بقیہ 19 اجازت

کے چیف جسٹس عامر فاروق نے عامر ڈوگر کی درخواست پر سماعت کی۔ عامر ڈوگر اپنے وکیل کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے اور عمرے پر جانے کے لیے اجازت دینے کی استدعا کی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی رہنما عمرہ ادائیگی پر جانے کی اجازت دیتے ہوئے کہا کہ عامر ڈوگر 3 سے 9 اپریل تک عمرے کی ادائیگی کے لیے جا سکتے ہیں۔ عدالت نے عامر ڈوگر کو ڈپٹی رجسٹرار کے پاس بیان حلفی جمع کروانے کی بھی ہدایت دی۔ عامر ڈوگر کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے درخواست کی سماعت 22 اپریل تک ملتوی کردی۔

بقیہ 20 کامیاب

ریٹرننگ افسر نے زبیر جونیجو کی بلامقابلہ کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ سندھ اسمبلی میں پیپلز پارٹی نشستوں کی تعداد 117 ہوگئی۔ پی ایس 80 دادو کی نشست پیپلز پارٹی کے عزیز جونیجو کے انتقال سے خالی ہوئی تھی جس پر ضمنی انتخاب کروایا گیا۔

بقیہ 21 محروم

تقریبا تمام جامعات مسلسل مالی بحران کا سامنا کررہی ہیں۔ ان جامعات میں اساتذہ کے ساتھ ساتھ انتظامی عملہ بھی آئے دن سڑکوں پر احتجاج کرتے نظر آتے ہیں۔ گزشتہ دو سالوں سے وفاقی اور صوبائی حکومت نے خیبر پختونخوا کی جامعات پر توجہ کم کرنے کے ساتھ ساتھ انکی ضروریات کے لیے مطلوبہ رقوم فراہم کرنے میں کمی کی ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی اب تک ایک درجن سے زیادہ جامعات کا دورہ کرچکے ہیں لیکن وہ اب تک کسی بھی یونیورسٹی کے مسائل حل نہ کرسکے۔ وفاقی حکومت کے زیرانتظام اداروں نے 2018 کے بعد خیبر پختونخوا کے جامعات کے لیے مختص گرانٹس میں کمی کی ہے۔ اسی طرح خیبر پختونخوا حکومت نے بھی گزشتہ تین سال کے دوران زرعی یونیورسٹی پشاور سمیت کئی دیگر نئی یونیورسٹیز کو صوبائی گرانٹ نہیں دی گئی جسکی وجہ سے انہیں مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ 22 منظوری

جیل کھوکی میں تعمیراتی کام ہونگے، ڈسٹرکٹ جیل شکارپور، جیکب آباد، ودمن جیل لاڑکانہ، سکھر جیل کی مرمت بھی کی جائے گی۔ سینٹرل جیل کراچی میں انتظامی بلاک بھی تعمیر کیا جائے گا، جبکہ سینٹرل جیل کراچی میں اندرونی سڑکیں، راستوں اور نکاسی آب کی تعمیرات کی جائے گی، سینٹرل جیل میرپور خاص، ڈسٹرکٹ جیل نوشہرو فیروز اور ڈسٹرکٹ جیل نوابشاہ کی بھی مرمت کی جائے گی، ڈسٹرکٹ جیل جیکب آباد اور ڈسٹرکٹ جیل سانگھڑ کی 10 فٹ سے زیادہ باؤنڈری وال تعمیر کی جائے گی۔ محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کی منظوری کے بعد محکمہ خزانہ رقم جاری کرے گا۔ یاد رہے کہ عام انتخابات کے اعلان ہوتے ہی نگراں حکومت سندھ نے ان 15 جیلوں کے منصوبوں پر کام روک دیا تھا۔

بقیہ 23 منصوبہ تیار

تحریری فیصلے میں اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کو ممبران سے حلف لینے کا حکم دیا گیا تھا۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا تھا کہ سپیکر ممبران کو رول آف ممبرز پر دستخط کی اجازت دے اور مخصوص نشستوں پر منتخب ممبران کو سینیٹ انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی بھی اجازت دی جائے۔ 2 اپریل کو ہونے والے سینیٹ انتخابات میں ووٹ ڈالنے کیلئے بھی سہولت فراہم کی جائے۔ گزشتہ روز مقدمے کی سماعت جسٹس عتیق شاہ اور جسٹس شکیل احمد نے کی، خیبر پختونخوا کی خواتین اور اقلیتوں کی مخصوص نشستوں پر امیدواروں نے ہائی کورٹ میں رٹ دائر کی تھی، عدالت میں اسپیکر، امیدواروں کے وکلا نے دلائل دیئے اور ایڈووکیٹ جنرل نے بھی معاونت کی تھی۔

بقیہ 27 ریکارڈ

اشیائے ضروریہ سستی ہوئیں۔ رواں ہفتے کے دوران برائلر مرغی 21 روپے 8 پیسے فی کلو، انڈے 4 روپے 45 پیسے فی درجن مہنگے ہوئے، حالیہ ہفتے کے دوران ٹماٹر 12 روپے 69 پیسے فی کلو سستے ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق آٹے کا تھیلا 103 روپے 85 پیسے، لہسن فی کلو 15 روپے 53 پیسے، پیاز 3 روپے 53 پیسے، دال چنا ایک روپے 48 پیسے سستی ہوئی۔ دال مسور، باسمتی چاول، دال مونگ، دال ماش بھی سستی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں، حالیہ ہفتے کے دوران 29 اشیا کی قیمتوں میں استحکام بھی رہا ہے۔ دوسری جانب وفاقی وزارت خزانہ نے مارچ کی ماہانہ آؤٹ لک رپورٹ جاری کردی ہے، رپورٹ میں کہا گیا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ سٹاف لیول معاہدہ ہوگیا، آئی ایم ایف سے 1.1 ارب ڈالر قرض کی آخری قسط مل جائے گی، حکومت کے پالیسی اقدامات سے فنانسنگ کی ضروریات میں کمی آئی ہے۔

بقیہ 28 درخواست

سماعت کی، عدالتی معاون زینب جنجوعہ ایڈووکیٹ عدالت کے روبرو پیش ہوئیں جبکہ شیر افضل مروت عدالت میں پیش نہیں ہوئے، بلکہ ان کی جگہ معاون وکیل پیش ہوئے۔ دوران سماعت وکیل شیر افضل مروت نے جیل رولز کی شق 265 کو چیلنج کرنے کی استدعا کی۔ اس پر ایڈووکیٹ جنرل نے عدالت کو بتایا کہ ہم نے مشاورت سے ایس او پیز تیار کرلی ہیں، آپ کو ہمارے رسپانس کو تعریف کرنی چاہیے۔ اس پر جسٹس سردار اعجاز اسحٰق نے ریمارکس دیے کہ آپ یہ کام پہلے بھی کر سکتے تھے۔ ایڈووکیٹ جنرل نے بتایا کہ ہم نے دو دن میں ایس او پیز فائنل کرلیے ہیں، جیل رولز کے حوالے سے پنجاب حکومت میں شق 265 کی مختلف تعریف ہے۔ اس پر ایڈووکیٹ زینب جنجوعہ نے کہا کہ ویب سائٹ پر جیل میں ہفتے میں دو بار ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی، جیل رولز کی کتاب میں دو بار ملاقات کی اجازت ہے۔ ایڈووکیٹ جنرل نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے بتایا کہ جیل رولز کے حوالے سے دو تین کتابیں ہیں جن کے مصنف مختلف ہیں، پنجاب حکومت سے بات کرکے ایک متفقہ رولز کو فائنل کروا دیتے۔ عدالتی معاون زینب جنجوعہ نے جیل رولز کے حوالے سے مختلف بھارتی عدالتوں کی ججمنٹس عدالت میں پیش کیں، انہوں نے کہا کہ بھارتی ججمنٹس میں جیل میں سیاسی گفتگو کی اجازت دی گئی ہے۔

بقیہ 29 شامل

اعلی بطور ممبران شامل ہیں۔ کونسل میں اسحاق ڈار بطور رکن شامل ہیں جبکہ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور وزیر سیفران انجینئر امیر مقام بھی مشترکہ مفادات کونسل میں بطور ممبر شامل ہیں۔

بقیہ 30 منظوری

جائیں گے۔ اس پیکیج پر 1.15 ارب روپے لاگت آئے گی۔ کابینہ نے 2050 پولیس شہدا کے خاندانوں کو بھی 10، 10 ہزار روپے عید پیکیج دینے کی منظوری دی۔ علاوہ ازیں ضم اضلاع میں پولیس کو گاڑیوں اور دیگر جدید آلات کی فراہمی کے لیے اسکیم کی منظوری دی گئی، جس کے تحت 7.67 ارب روپے کی لاگت سے گاڑیاں اور جدید آلات خریدے جائیں گے۔ کابینہ نے سرکاری محکموں میں بھرتیوں کے لیے نجی ٹیسٹنگ ایجنسیوں سے اسکریننگ ٹیسٹ لینے کے معاملے پر کمیٹی تشکیل دے دی، جو 15 دنوں میں سرکاری ٹیسٹنگ ایجنسیوں کی استعداد بڑھانے سمیت دیگر متعلقہ معاملات پر حتمی سفارشات پیش کرے گی۔ کابینہ اجلاس میں ڈیجیٹل رائٹ آف وے پالیسی کی بھی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس میں پاکستان ڈیجیٹل سٹی کے قیام کے لیے انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اور اسپیشل ٹیکنالوجی زون اتھارٹی کے درمیان معاہدے کی بھی منظوری دی گئی۔ علاوہ ازیں اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ایگزیکٹو کمیٹی ممبران پیڈو کی تعیناتی

اسپتال میں طبی امداد دی جارہی ہے۔

بقیہ 36 شروع

کے سمندر میں گر کر تباہ ہوگیا۔ حادثے میں پائلٹ نے جلتے ہوئے طیارے سے پیراشوٹ کے ذریعے چھلانگ لگا کر جان بچائی۔ حکام کے مطابق سیواستوپول شہر کے ریسکیو اہلکاروں نے پائلٹ کو ساحل سے تقریبا 200 میٹر دور سے ریسکیو کرلیا۔ پائلٹ کو کوئی چوٹ نہیں آئی تاہم انہیں طبی معائنے کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ طیارہ گرنے کی وجوہات معلوم کرنے کے لیے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں جبکہ سمندر سے ملبہ بھی نکالا جارہا ہے۔

بقیہ 37 مطالبہ

ودن سے اسلام آباد ہائی کورٹ کو خط لکھا ہوا ہے مگر چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے کوئی ایکشن نہیں لیا کیوں کہ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سب سے بڑا ٹاؤٹ ہے۔

بقیہ 38 چوہدری جعفر اقبال

قومیں کرتی ہیں، ہمیں اپنے ملک کی بہتری کیلئے مشکل فیصلوں کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا، مسلم لیگ (ن) پاکستان کی ترقی وخوشحالی کی ضمانت ہے، عوامی خدمت کیلئے فولادی عزم کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تربت نیول ایئر بیس اور بشام میں دہشتگردی کے گھناؤنے فعل کی مذمت کرتے ہیں، پوری قوم اس مشکل وقت میں چینی عوام کے ساتھ یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے، دہشتگرد نہ صرف پاکستان بلکہ خطے کے امن واستحکام کے لئے بھی خطرہ ہیں، اس طرح کی گھناؤنی کارروائیوں کے مرتکب افراد کی بیخ کنی کیلئے فورسز کی انتھک محنت کو سلام پیش کرتے ہیں، امن، تعمیر وترقی وخوشحالی اور اہم آہنگی پر مبنی مستقبل کیلئے جاری کاوشیں ضرور رنگ لائیں گی۔ مسلم لیگی رہنما چوہدری محمد جعفر اقبال اور بیگم عشرت اشرف نے مزید کہا کہ شانگلہ کے علاقے بشام میں دہشتگردوں کے حملے میں ایک پاکستانی ڈرائیور کی شہادت اور پانچ چینی باشندوں کی ہلاکت انتہائی افسوسناک ہے، پوری پاکستانی قوم حالیہ دہشتگردی کی لہر کی نہ صرف شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور دہشتگردی کے واقعات میں شہادت کا بلند رتبہ پانے والے فوجی جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے،، ایسے حملوں سے پاکستان کے دہشتگردی کے خلاف عزم کو کمزور نہیں کیا جاسکتا، ہم اپنی بہادر افواج اور عوام کی مدد سے دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے، اس المناک واقعے سے پاکستان اور چین کے مضبوط تعلقات کو دشمن نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوگا، اس مشکل وقت میں ہماری ہمدردیاں متاثرین اور ان کے پیاروں کے ساتھ ہیں

بقیہ 39 روزہ افطار

ڈیپارٹمنٹ کے افسران و جوانوں کے ساتھ سی ٹی ڈی کمپلیکس میں روزہ افطار کیا، اس موقع پر ایس پی سی ٹی ڈی اور دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے، اس موقع پر شہداء پولیس کے لیے خصوصی دعا کا بھی اہتمام کیا گیا، ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ہر افسر اور جوان اپنے فرائض کی انجام دہی کے لئے پرعزم ہے، فرض کی انجام دہی پر فورس کے ہر جوان کا کردار قابل تحسین ہے، انہوں نے تمام افسران وجوانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، بہادری اور نیک نیتی پر فخر ہے، انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ رمضان کے مقدس مہینے میں پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں نبھائیں اور جوش وخروش کے ساتھ اپنے فرائض منصبی کو جاری رکھیں، پولیس افسران وجوانوں کیلئے افطار ڈنر کے اہتمام کا مقصد ان کے حوصلوں کو بلند رکھنا ہے۔

بقیہ 40 فرح ناز اکبر

جو پاکستان کے دشمن ہیں، پاکستان اور چین کی دوستی کے دشمن ہیں، چین پاکستان دوستی کی وجہ سے سی پیک کے تحت ملک میں جو خوشحالی آئی اس کے دشمن ہیں

بقیہ 41 اے این ایف

برآمد ہونے والی ادویات میں اینٹی بائیوٹک، پین کلر اور جان بچانے والی ادویات بھی شامل ہیں۔ ایف آئی اے چمن نے پاور ہاس روڈ پر واقع 3 مختلف میڈیکل اسٹورز پر چھاپا مار کاروائیاں کیں اور مختلف اسٹورز سے مشتبہ ادویات کو قبضے میں لے کر ڈریپ حکام کے حوالے کردیا اور ملزمان کے خلاف انکوائریاں درج کرلی گئیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گزشتہ 2 ہفتوں کے دوران ایف آئی اے بلوچستان زون نے جعلی ادویات کی فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف 33 چھاپا مار کاروائیاں کی ہیں، جن میں ملوث ملزمان کے

اس عملے کی خصوصی اجازت ڈی جی ایم فلائٹ سروسز نے اپنی آئی ڈی سے دی جو روٹین سے ہٹ کر قدم ہے، پرواز پر تعینات دیگر دو ایئر ہوسٹسز سے پوچھ گچھ کے بعد کینیڈین حکام نے ہوٹل جانے کی اجازت دے دی۔

بقیہ 45 منظوری

دی ہے، جس کے تحت کسی بھی حاضر سروس افسر کو قومی مفاد میں چیئرمین نادرا تعینات کیا جاسکتا ہے، بشرطیکہ کہ حاضر سروس افسر کا عہدہ گریڈ 21 سے کم نہ ہو۔ نگران حکومت نے چیئرمین نادرا کی تعیناتی تاحکم ثانی کی تھی۔

بقیہ 46 بجلی بند

H-8، I-8/3، PHA-II، نیو ایکسچینج، شاہ اللہ دتہ، NIH، پنڈی پوائنٹ، بیروٹ، بلاورہ، منگیال، اتھال، شاہ پور، ٹریٹ، ٹی اینڈ ٹی، بھارہ کہو، NIH I&II فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، غوثیہ کالونی، اقبال روڈ۔ II، ذیشان کالونی، P & T، Wani، چاکرہ، رتہ، پنڈ ہون، مصریال روڈ، ویسٹ روڈ، APHS، صادق آباد، فورتھ روڈ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، بینک روڈ۔ I، جہانگیر روڈ، کوٹ جبی، NPF-I، ماڈل ٹاؤن، جھنڈا، میجر ریاض، شاہ پور، دھمیال، چونترہ، حامد جھنگی، نیو کلیام، سکھو، نشان حیدر، محوطہ، عسکری۔ 7، سرسید روڈ، FFC، خادم حسین روڈ، آدم جی روڈ فیڈرز، اٹک سرکل، سنجانی، پنڈ پران، دھریک، نواب آباد، مشتاق حسین، پورمیانہ، اسلام پورہ، فوارہ چوک، اکھوری، حاجی شاہ، پنڈی گھیپ سٹی، عظیم شہید، مورت، پری، دھرنال، گگن، چھب فیڈرز، جہلم سرکل، F-7 کچہری، F-13 گرمالہ، کریالہ، فتح پور، F-6 مشین محلہ، پکھوال، ہملٹ، مدوکالس، سوہان، نیو ڈومیلی، کھائی خولیاں، ممتاز شہید، حیات سر روڈ، سوہاوہ کچہری، بابا شہید، ٹھاکرہ، کنگر ٹھاٹی، گوجر خان، مین بازار، چھپر شریف، ٹھاکرہ، ڈورا بھڈیال، کے ٹی ایم، آر ٹی ایم، قاضیا، چھپراں، شکریلہ، منڈی بھلوال، عباس پور فیڈر، چکوال سرکل، کریالہ، آرا بازار، جمال وال، کلر کہار، مین بازار، آدی، ڈھڈیال ایکسپریس، سہگلہ آباد، چکرال، ڈنڈوت، ڈفر، دلوال، احمد آباد، کچہری، ساغرپور، کوٹ گلہ، کوٹ شیرا، بھپکد، دھرابی، اکوال، بلال آباد، دروت، میل، ونہار، آدی، دولتالہ فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، ڈٹوٹ، جنڈروت، موہرہ، کرالہ، ڈھڈیال سٹی۔ 1، رتہ، خادم آباد فیڈرز، مورخہ 31 مارچ 2024 صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، ڈھوک اعوان، IST، زراج۔ I&II، موہرہ نگیال، نیو رواٹ فیڈرز، اٹک سرکل، چھب فیڈر، جی ایس او سرکل، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، کھوئی رتہ ایکسپریس، چڑہی، ڈونگی، دانہ بھل، سری، چڑہی ایکسپریس، بھرت گالہ، دربار مائی ٹوٹی، کھوئی رتہ، ڈھڈیال سٹی۔ 2، سیک، خطار ایکسپریس، اونا ٹاؤن فیڈرز، اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 47 ناکام

فاصلہ پر محیط ہے مری کو ضلع کا درجہ ملنے کے بعد جہاں صرف ایک اسسٹنٹ کمشنر تمام معاملات کو سنبھالتا تھا لیکن اب یہاں افسران کی بھرمار ہے پھر بھی شہر کے علاقوں لوہر بازار شوالہ امپرومنٹ ٹرسٹ جھیکا گلی سنی بنک کلڈنہ موٹر ایجنسی کلفڈن کیمپ روڈ اور بعض دیگر مقامات پر صفائی نہ ہونے کی وجہ سے گندگی کے ڈھیر پڑے ہوئے ہیں جس سے ستھرا پنجاب کا خواب ادھورا دکھائی دے رہا ہے مری کے کاروباری اور رہائشی حلقوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے وزیراعلی پنجاب سے فوری نوٹس کا مطالبہ کرتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 48 دورہ

کے وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کروایا، وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا، وفد کو بتایا گیا کہ سیف سٹی اسلام آباد جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے مختلف شعبہ جات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس میں پولیس آپریشنز سنٹر، ایمرجنسی کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، ڈسپیچ کنٹرول سنٹر، ای چالان نظام اور پکار 15 ہیلپ لائن جیسے اقدام شامل ہیں، وفد کو شہر میں سیف سٹی کیمروں

وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، ملزمان کی شناخت محمد عاطف اور احتشام کے ناموں سے ہوئی ہے، ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کے علاقے میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں اپنے متعلقہ تھانہ، "پکار-15" یا "آئی سی ٹی ایپ-15" پر اطلاع کریں۔

بقیہ 53 ڈاکٹر محمد امجد خان

ہے۔ انھوں نے وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری کی ہدایات کی مناسبت سے تمام فلیڈ فارمیشنز کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ صارفین کو بہترین اور بروقت سروسز کی فراہمی پر ہرگز سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ صارفین اگرادارے کہ پالیسیوں سے مطمئن ہوگا تو یہ ادارے کی کامیابی کی دلیل ہے۔ انھوں نے کہا کہ دفاتر میں صارفین کے ساتھ خوشگوار اور صارف دوست رویہ اختیار کیا جائے اور دفاتر خصوصاً کسٹمر سروسز سینٹر کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا جائے۔ سو فیصد درست میٹر ریڈنگ، بروقت بلوں کی ترسیل اور بجلی سے متعلقہ صارفین کی شکایات کے فوری حل کو ہر صورت ممکن بنایا جائے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی تاخیر اور کوتاہی نامنظور ہوگی۔

بقیہ 54 قیام

مطابق تھنک ٹینک کی سربراہی ڈاکٹر گوہر اعجاز، سابق نگراں وفاقی وزیر برائے خزانہ، محصولات اور سرمایہ کاری کریں گے اور اس کا نام ایف پی سی سی آئی تھنک ٹینک برائے پاکستان اکنامک ری وائیول اینڈ گروتھ ہوگا۔ تھنک ٹینک میں صنعت کار بشیر جان محمد) کیپیٹل مارکیٹس ایکسپرٹ (، عارف حبیب)سیریل انٹر پرینیور(، محمد علی طبہ، ایف پی سی سی آئی کے سابق صدور میاں محمد ادریس اور غضنفر بلور) ایکسپورٹر(، ڈاکٹر نعمان ادریس بٹ) سی ای او ٹی ڈی اے پی(، زبیر موتی والا) چیئرمین اپٹما (آصف انعام اور سابق صدر لاہور چیمبر شہزاد علی ملک ممبرز ہوں گے۔ شاہد عبداللہ، فواد مختار، مقصود اسماعیل، فاروق نسیم اور شہزاد اصغر علی بھی تھنک ٹینک کا حصہ ہوں گے۔

بقیہ 55 وفاقی پولیس

21 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے ملزم احمد علی کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد نمیں بور پستول برآمد کرلیا

بقیہ 56 اضافہ

سونے کی قیمت میں بھی 3 ہزار 258 روپے کا اضافہ ہوا ہے جس کے بعد نئی قیمت 2 لاکھ ایک ہزار 303 روپے ہوچکی ہے۔ یاد رہے عالمی صرافہ مارکیٹ میں سونے کی قیمت 40 ڈالر اضافے کے بعد 2254 ڈالر فی اونس ہوگئی ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر میں 40 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا ہے جبکہ ڈالر کے قابلے میں روپے کی قدر بڑھی ہے۔

بقیہ 57 شروع

کی اسپلشن کے بعد نیلم جہلم ہائیڈرو الیکٹرک پراجیکٹ نے گزشتہ روز اپنی پوری صلاحیت کے مطابق 969 میگاواٹ بجلی پیدا کی۔ ٹیل ریس ٹنل کے معائنہ کے بعد نیلم جہلم پراجیکٹ نے رواں ماہ کے آغاز میں بجلی کی پیداوار دوبارہ شروع کی تھی۔ پراجیکٹ سے پانی کی دستیابی کے مطابق لگاتار بجلی پیدا کی جارہی ہے، جو ماہِ رمضان میں دن کے مختلف اوقات خصوصاً سحر اور افطار کے دوران نیشنل گرڈ کو فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ 58 شروع

چیف ٹریفک آفیسر تیمور خان کے حکم پر ڈی ایس پی ٹریفک صدر سرکل ثاقب رضوان کی زیر نگرانی اور انچارج گوجرخان سیکٹر حسن ظہور کی قیادت میں ٹریفک سارجنٹ حاجی محمد بلال قریشی، فیصل بشیر، راجہ عدیل، افضال بٹ اور دیگر افسران نے شہر کے مختلف پوائنٹس پر موٹرسائیکل سواروں میں فری حفاظتی وائر لگانے کا سلسلہ جاری کر دیا ہے، ڈی ایس پی ٹریفک ثاقب رضوان نے تمام وارڈنز کو چوک اور روڈز کے اطراف میں لٹکتی ڈور، دھاتی دھاگوں پر بھی خصوصی نظر رکھنے کی ہدایت کی ہے انہوں نے کہا کہ تمام شہری اپنے اردگرد چھتوں پر خصوصی نظر رکھیں، ڈور پھرنے کے یکے بعد دیگر واقعات کے بعد حفاظتی اقدامات بے حد لازم ہیں، موٹر سائیکلوں پر حفاظتی وائر لگوانے سے ڈور پھرنے کے خوفناک حادثات سے بچا

التوا میں کہا گیا ہے کہ قومی اسمبلی کے 2007 کے قواعد و ضوابط کے اصول 109 کے تحت تحریک التوا کا نوٹس دیتے ہیں۔ اراکین نے مطالبہ کیا ہے کہ 6 ججوں کی جانب سے سپریم جوڈیشل کونسل کو لکھے گئے خط کے باعث پیدا ہونے والی صورت حال پر ایوان کی معمول کی کارروائی معطل کی جائے۔ تحریک التوا کے متن کے مطابق آئین کے واضح میں کہا گیا ہے کہ عدلیہ کی آزادی کا مکمل تحفظ کیا جائے گا، اسلام آباد ہائی کورٹ کے 6 ججوں کے انکشافات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ریاست اور اس وقت کی حکومت عدلیہ کی آزادی کے تحفظ میں ناکام رہی ہے۔ سنی اتحاد کونسل کے اراکین کی تحریک میں بتایا گیا ہے کہ انصاف جو کہ ہر شہری کا بنیادی حق ہے اس سے سمجھوتہ کیا جا رہا ہے، عدلیہ کے معاملات میں ڈھٹائی سے مداخلت کرکے سابق وزیر اعظم عمران خان سمیت ہزاروں لوگ جیلوں میں ڈال دیا گیا ہے۔

بقیہ 2 جو بائیڈن

نو منتخب حکومت کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار ہے اور کہا ہے کہ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان شراکت داری دنیا اور ہمارے عوام کی سلامتی یقینی بنانے میں نہایت اہم ہے۔ امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ دنیا اور خطے کو درپیش وقت کے اہم ترین چیلنجز کا سامنا کرنے میں امریکا پاکستان کے ساتھ کھڑا رہے گا، صحت عامہ کا تحفظ، معاشی ترقی اور سب کے لیے تعلیم مشترکہ وژن ہے جسے مل کر فروغ دیتے رہیں گے، امریکا پاکستان گرین الائنس فریم ورک سے ماحولیاتی بہتری کے لئے ہم اپنے اتحاد کو مزید مضبوط کریں گے۔ امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ پائیدار زرعی ترقی، آبی انتظام اور 2022 کے سیلاب کے تباہ کن اثرات سے بحالی میں پاکستان کی معاونت جاری رکھیں گے، پاکستان کے ساتھ مل کر انسانی حقوق کے تحفظ اور ترقی کے فروغ کے لیے پرعزم ہیں، دونوں اقوام کے درمیان استوار مضبوط پارٹنرشپ کو تقویت دیں گے، دونوں ممالک کے عوام کے درمیان استوار قریبی رشتے مزید مضبوط بنائیں گے۔

بقیہ 3 وزیر خزانہ

کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستانی وفد آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک سے مذاکرات کے لیے 14 اور 15 اپریل کو واشنگٹن جائے گا جس میں نئے پروگرام کے خدوخال پر بات کریں گے جبکہ تفصیلی مذاکرات پاکستان آ کر ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی شرائط ملک کے لیے بہتر ہیں اور یہ آخری پروگرام اسی وقت ہوگا جب ہم اسٹرکچرل پالیسیز اپنائیں، اب ہم نے اپنی توجہ کس پر مرکوز کرنی ہے، یہ ہم جانتے ہیں کہ کیا اور کیوں کرنا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ آئی ایم ایف سے اسٹاف لیول معاہدہ نگراں حکومت کے منظم اقدامات کی بدولت ممکن ہوا، نگراں دور حکومت میں میکرو اکنامک استحکام آیا وزیر خزانہ نے کہا کہ نجکاری پلان کے تحت خسارے میں چلنے والے اداروں کی نجکاری کی جائے گی، پی آئی اے کی نجکاری اور ایئرپورٹ کو آؤٹ سورس کرنا ایڈوانس اسٹیج میں ہے، پوری کوشش ہے کہ پی آئی اے کی نجکاری جون تک مکمل کی جائے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ سرکلر ڈیٹ کو کم کرنا ہے اور برآمدات میں اضافہ کرنا ہے، اس وقت ہمیں کام کرنا ہے اگر عمل درآمد میں کوئی رکاوٹ ہوگی تو پھر دیکھیں گے۔ زراعت میں پانچ فیصد کی گروتھ کم نہیں لیکن زراعت میں ابھی مزید گروتھ ہوگی اور زرعی شعبے کی گروتھ کا آئی ایم ایف سے تعلق نہیں۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ مہنگائی کی شرح کم ہوئی ہے اور یہ ساری

ڈیجیٹائزیشن پر کام شروع کر دیا ہے۔ ایف بی آر ٹریبونلز کے سربراہ میرٹ پر لیں گے۔ ٹریبونلز میں زیر سماعت مقدمات کے لیے ٹھوس لائحہ عمل اختیار کریں گے۔ ملکی ترقی لیے لیے صنعت و زراعت کا فروغ ناگزیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بشام واقعہ سے چین پاکستان تعلقات کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی۔ دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنانا ہماری مشترکہ ذمے داری ہے۔

بقیہ 8 مریم نواز

ہزار روپے فی ایکڑ زرعی قرض دیا جائے گا۔ نواز شریف کسان کارڈ کے تحت مختلف اقسام کی سبسڈی بھی دی جائے گی۔ نجی شعبے کے اشتراک سے ماڈل ایگریکلچر سینٹرز بنائے جائیں گے جن میں جدید زرعی مشینری، ٹریننگ، پیسٹی سائیڈ بیج موجود ہوں گے جبکہ نمائشی پلاٹ بھی بنائے جائیں گے۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کو ہر فصل کی پیداوار اور ڈیمانڈ کا مکمل ڈیٹا مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں کاٹن، گندم اور چاول کی فصل پر ریسرچ اور ڈویلپمنٹ کیلئے اسٹیٹ آف دی آرٹ سینٹر آف ایکسیلنس بنانے کی منظوری دیتے ہوئے اس کے انتظامی امور بورڈ کے ذریعے چلانے اور ریسرچ سینٹر کو علاقائی یونیورسٹیز سے لنک کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ چین کے تعاون سے ایگریکلچر یونیورسٹی فیصل آباد میں 2 ارب کی لاگت سے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر بنانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ پاک چائنہ آر اینڈ ڈی سینٹر میں جینوم سنٹر، جرم پلازم ریسورس، سپیڈ بریڈنگ اور کلائمنٹ چینج پر ریسرچ کی سہولت ہوگی۔ جعلی زرعی ادویات اور کھاد کی فروخت روکنے کیلئے ایگریکلچر پیسٹی سائیڈ ایکٹ اور فرٹیلائزرز کنٹرول ایکٹ میں ترامیم کی جائیں گی۔

بقیہ 9 سرفراز بگٹی

انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ ڈائیلاگ سے مسئلہ حل ہو لیکن اس سے نہیں ہوتا، ہمیں آئین نے یہ ذمہ داری دی ہے کہ ہم اپنے لوگوں کا تحفظ کریں، اپنے اثاثہ جات کا تحفظ کریں۔ تربت اور گوادر میں دہشتگردوں کا حملہ ہوا، دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ صوبے میں جہاں جہاں ہماری کامیابیوں کی کہانیاں ہیں ان کا بار بار ذکر کرنا چاہیے۔ وزیراعلی بلوچستان کا مزید کہنا تھا کہ بلوچستان میں کوئی ایک انچ بھی ایسا نہیں جہاں ریاست کی رٹ نہیں، ہم بلوچستان میں انٹیلی جنس بیس آپریشن کریں گے، بلوچستان میں کوئی فوجی آپریشن کی ضرورت نہیں، بلوچستان میں ایف سی، پولیس و دیگر ادارے مقابلہ کریں گے۔

بقیہ 10 علیمہ خان

نواز شریف کو سزا نہیں سنائی گئی۔ اگر اصل کیس میں سزا ہوتی تو آج یہ ایسے نہ پھر رہے ہوتے۔ 6 ججز کے خط نے بہت سارے افراد کو بھی بے نقاب کیا ہے، جب تک جج انصاف کیلئے کھڑے نہیں ہوتے تو انصاف نہیں ملتا، جج افتخار چوہدری کے ساتھ کھڑے ہوئے آج وکلا کو ان ججز سے یکجہتی کرنی چاہیے۔ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کا مزید کہنا تھا کہ اگر آپ کیس سن لیں اسد مجید کے بیان سے کوئی شک باقی نہیں رہیگا، سائفر کیس میں 10 سال کی سزا اور غداری کیس دفن ہو جائیں گے، ڈونلڈ لو کو بچانے کیلئے یہ کیس چلایا جا رہا ہے۔

بقیہ 11 ڈاکٹر شمشاد اختر

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر شمشاد اختر نے وزیر خزانہ کو

میں یہ مماثلت پائی جاتی ہے کہ دہشت گردوں کے حملے کے ساتھ ہی خبر فوری طور پر بھارتی سوشل میڈیا پر چلنا شروع ہو جاتی ہے۔ اطلاعات کے مطابق یہ محض اتفاق نہیں بلکہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے والے دہشت گردوں اور بھارت کی خفیہ ایجنسیوں کے درمیان قریبی روابط موجود ہیں۔ تربت نیول ایئر بیس پر ہونے والے حملے کو پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے تمام دہشت گردوں کو جہنم واصل کرتے ہوئے ناکام بنایا اور حملے کے ساتھ ہی سوشل میڈیا پر بھارتی پروپیگنڈے میں یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی کہ شاید تربت نیول ایئر بیس پر بہت بڑی تباہی ہو چکی ہے جبکہ حقیقت اس کے برعکس تھی۔ یہ تمام حقائق اس بات کا ثبوت ہیں کہ پاکستان میں ہونے والے حملوں کی تشہیر کرنا بھارت اور دہشت گردوں کی مشترکہ حکمت عملی کا حصہ ہے۔ حملے کے ساتھ ہی بھارتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر جو پوسٹس دیکھنے کو ملیں ان میں کہا گیا بی ایل اے کی جانب سے تربت نیول ایئر بیس پر حملہ کر کے بھاری نقصان پہنچایا گیا۔ حملے میں پاکستان کے متعدد فوجیوں کی شہادت کا بھی کہا گیا، چینی ساختہ ہیلی کاپٹرز کے تباہ ہونیکا بھی جھوٹ بولا گیا جو کے سب کچھ جھوٹ ثابت ہوا۔ اتنی لحہ بہ لحہ تفصیلات اس بات کا ثبوت ہیں کہ تربت حملے میں بھارت کی خفیہ ایجنسی را کسی نہ کسی طرح ملوث ہے۔ اسی طرح 4 نومبر 2023 کو میانوالی ایئر بیس پر حملے کے شواہد بھی بھارت کے ملوث ہونے کی تصدیق کرتے ہیں۔ یاد رہے کہ میانوالی بیس حملے کے دوران بھی بھارتی سوشل میڈیا سے جھوٹ پر مبنی ٹوئٹ سامنے آئے تھے۔ ان تمام حقائق سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ بھارت پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے لیے دہشت گرد تنظیموں کو مکمل مدد فراہم کر رہا ہے۔

بقیہ 16 منتخب ہو گئے

مطابق جنرل نشستوں پر بلا مقابلہ سینیٹر منتخب ہونے والوں میں سابق نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ، اے این پی کے رہنما ایمل ولی خان، مسلم لیگ ن کے سیدال ناصر اور آغا شاہ زیب درانی شامل ہیں۔ ٹیکنوکریٹ کی نشستوں پر جے یو آئی کے مولانا عبدالواسع اور پیپلز پارٹی کے بلال مندوخیل بلا مقابلہ سینیٹر منتخب ہوئے ہیں۔ بلوچستان سے خواتین کی 2 نشستوں پر مسلم لیگ ن کی راحت جمالی اور پیپلز پارٹی کی حسنہ بی بی بلا مقابلہ کامیاب ہوئی ہیں۔ پیپلز پارٹی کے سردار عمر گورگیج، نیشنل پارٹی کے جان بلیدی اور جے یو آئی کے احمد خان بھی جنرل نشستوں پر بلا مقابلہ سینیٹر منتخب ہونے والوں میں شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق سینٹ کے 33 میں سے 20 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے، سینٹ کے 2 امیدوار مد مقابل امدواروں کے حق میں ریٹائر ہو گئے۔

بقیہ 17 جاری

احتساب عدالت نے بڑا فیصلہ جاری کر دیا، جس میں ملوث ٹھیکیداروں کے 75 بینک اکاؤنٹس منجمد کرنے کے علاوہ 2 رہائشی پلاٹس سیل کرنے کے احکامات بھی جاری کر دیے گئے۔ احتساب عدالت کے جج محمد یونس نے ڈی جی نیب خیبر پختون خوا کے احکامات کی توثیق کرتے ہوئے احکامات جاری کیے۔ کیس کی سماعت کے موقع پر نیب کی جانب سے ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل محمد علی اور پراسیکیوٹر مانک شاہ پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت کو بتایا گیا کہ بی آر ٹی اسکینڈل میں نیب تحقیقات کر رہی ہے اور اس ضمن میں ٹھیکیداروں کے 75 بینک اکاؤنٹس اور 2 کمرشل پلاٹس کو منجمد کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں تمام کارروائی مکمل کی گئی ہے اور تحقیقات جاری ہیں، تحقیقات

رکھے گی۔ ایشیائی ترقیاتی بینک سے جاری بیان کے مطابق یوگینی زوکوف نے کہا کہ پاکستان ان ممالک میں سرفہرست ہے جہاں 2023 کے دوران پراجیکٹ فنانسنگ سب سے زیادہ ہوگی۔ وسطی اور مغربی ایشیا کیلئے علاقائی موسمیاتی تبدیلی کی حکمت عملی اور ایکشن پلان تیار کیا جا رہا ہے۔ خطے میں کلائمیٹ فنانسنگ بنیادی طور پر توانائی، زراعت اور ٹرانسپورٹ کے منصوبوں پر مرکوز ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ ایشیائی ترقیاتی بینک 2030-2019 کے لیے ایشیا اور بحرالکاہل میں کم از کم 100 ارب ڈالر کی کلائمیٹ فنانسنگ فراہم کرنے کا خواہاں ہے۔ علاوہ ازیں بیان میں ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے گزشتہ روز جاری کی گئی ایک تحقیق کا بھی حوالہ دیا گیا۔ تحقیق میں خبردار کیا گیا کہ پانی کی کمی سے خشکی میں اضافے کا خطرہ بڑھے گا اور زرعی پیداواری صلاحیت کم ہوگی۔ پاکستان کا خوراک کی بیرونی فراہمی پر انحصار بڑھے گا اور لوگوں کی بڑی تعداد غذائی عدم تحفظ کا شکار ہو جائے گی۔

بقیہ 24 شاع

دیے جائیں گے۔ ترکی، ملائشیا، قطر، یو اے ای، جرمنی، فرانس اور نیدرلینڈز کے انویسٹرز نے پی آئی اے خریدنے میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ پی آئی اے یونین نے نجکاری کیخلاف ردعمل دینے کی تیاریاں شروع کر دیں۔ پاکستان نے پی آئی اے کی فروخت کیلئے ورلڈ بینک انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کی خدمات حاصل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ تمام پی آئی اے جہاز اور روٹس کے علاوہ انجینئرنگ، کیٹرنگ اور کارگو سمیت متعدد شعبے بھی ڈیل میں شامل ہونگے۔ ملک کے تین بڑے ائرپورٹس اسلام آباد، کراچی اور لاہور بھی آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ لاہور، اسلام آباد ائرپورٹ آزمائشی بنیادوں پر آؤٹ سورس ہو چکا۔

بقیہ 25 اعلان

تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ چین نے اس ہلاکت خیز حملے کے بعد ڈیموں کی تعمیر کے دو منصوبوں پر کام روک دیا ہے۔ ایک صوبائی اہلکار نے بتایا کہ چینی کمپنیوں نے پاکستانی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ان تعمیراتی سائٹس کو جہاں قریب ایک ہزار دو سو پچیس چینی شہری کام کرتے ہیں، دوبارہ کھولنے سے پہلے نئے سکیورٹی پلان پیش کریں۔

بقیہ 26 چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ

دعائیں مانگی گئیں۔ تقریب سے خطاب میں چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ نے کہا کہ کوئی سمجھتا ہے اسکے ساتھ انصاف نہیں ہوا تو قیامت میں اپنی بہترین نیکی دینے کو تیار ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کچھ عرصے میں ہزار ایسی درخواستیں سنیں جو دوسرے صوبوں سے آئیں، اللہ کو حاضر ناظر جان کر کہتا ہوں کہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کی، قانون کے مطابق ہم نے درخواست گزاروں کو سنا، جتنے سائلین آئے ہیں، ذمہ داری لیتا ہوں کہ میں نے ان کو انصاف دیا ہے۔ اللہ تعالی ہمارے ملک کو امن کا گہوارہ بنا دے، اللہ تعالی ہمارے ملک پر رحم کرے اور حالات بہتر کرے، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ ہمارے ملک میں انصاف کا بول بالا ہو۔ پشاور ہائیکورٹ میں ہمیشہ انصاف ہوگا، یہاں کے جتنے جج ہیں ان پر مکمل اعتماد ہے، امید ہے کہ پشاور ہائیکورٹ میں جو بھی آئیگا اس کو انصاف ملے گا، ہائیکورٹ میں آئین وقانون کے مطابق فیصلے ہوتے ہیں۔ خیال رہے کہ اس سے قبل پشاور ہائی کورٹ نے مخصوص نشستوں پر حلف برداری کے کیس میں اپوزیشن ممبران کی درخواست منظور کرتے ہوئے اسپیکر کو ممبران سے حلف لینے کا حکم دے دیا تھا۔ عدالت نے

بقیہ 31 گرفتار

کیا۔ دونوں خواتین کو کمرمشانی میانوالی پولیس اسٹیشن کو جلانے کے مقدمے میں گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس نے دونوں خواتین کی عدالت میں طلبی کیلئے درخواست انسداد دہشت گردی عدالت میں دائر کی ہے۔ عالیہ حمزہ اور صنم جاوید کو راہداری ریمانڈ کیلئے آج انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ دو روز قبل لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی کو تھانہ شادمان کے جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں پاکستان تحریک انصاف کی کارکن صنم جاوید اور رہنما پی ٹی آئی عالیہ حمزہ کی ضمانت منظور کی تھی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے ڈیوٹی جج ارشد جاوید نے درخواست ضمانت پر سماعت کی تھی۔

بقیہ 32 پابندی

حکومتی شخصیات کے لیے ریڈ کارپٹ استعمال نہیں ہوگا، صرف سفارتی تقریبات میں پروٹوکول کے سرخ قالین کے استعمال کی اجازت ہوگی۔ اس حوالے سے کابینہ ڈویژن نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔

بقیہ 33 رپورٹ جاری

جائے گی، حکومت کے پالیسی اقدامات سے فنانسنگ کی ضروریات میں کمی آئی ہے۔ ربیع سیزن کی فصلوں کی اچھی پیداوار ہوگی، ربیع سیزن میں یوریا کے استعمال سے 4.2 فیصد کمی ہوئی، ڈی اے پی کے استعمال میں 15 فیصد کا اضافہ ہوا۔ رواں مالی سال ٹریکٹر کی پیداوار میں 68.6 فیصد کا اضافہ ہوا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ فروری میں مہنگائی کم ہو کر 23.1 فیصد ہو گئی ہے، اگلے ماہ مہنگائی کم ہو کر 21 سے 22 فیصد کے درمیان رہے گی۔ حکومت نے غریب طبقات کیلئے 12.5 ارب روپے کا رمضان پیکج دیا، براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 17 فیصد سے کم ہو کر 82 کروڑ ڈالر رہی۔

بقیہ 34 ریکوری

ایف بی آر حکام کا کہنا ہے کہ ایف بی آر نے سول ایوی ایشن اتھارٹی کے بینک اکاؤنٹس منجمد کر کے تیرہ ارب روپے کے لگ بھگ ٹیکس واجبات کی ریکوری کر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق سی اے اے کی طرف سے ایڈوانس ٹیکس کی عدم ادائیگی کی وجہ سے ڈیفالٹ شدہ رقم جمع ہو گئی تھی۔ کمپنی کے اس دعوے کے باوجود کہ وہ ایڈوانس ٹیکس ادا کرنے سے مستثنی ہے۔ ایف بی آر نے اس موقف کو مسترد کرتے ہوئے ایل ٹی او کراچی کو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 140 کے تحت فیصلہ کن کارروائی کرنے کی ہدایت کی جس پر ایک ٹی او کراچی نے سول ایوی ایشن اتھارٹی سے ٹیکس واجبات کی ریکوری کیلیے کمپنی سے تعلق رکھنے والے تقریبا 11 بینک اکاؤنٹس کو منجمد کر دیا۔

بقیہ 35 ہلاکتیں

ہلاک ہو گئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایسٹر کی تقریب شرکت کے لیے زائرین بوٹسوانا سے لیمپوپو کے ایک قصبے موریا کے ایک مذہبی مقام پر جا رہے تھے اور مماتلاکالا میں حادثے کا شکار ہو گئے۔ جنوبی افریقا کے محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ مسافر بس تیز رفتاری کے باعث ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو گئی اور بیریئرز توڑتے ہوئے پل سے نیچے جا گری۔ عینی شاہدین نے میڈیا کو بتایا کہ زمین گرتے ہی بس میں آگ بھڑک اٹھی اور زخموں سے چور مسافروں کو بس سے نکلنے کا موقع نہیں مل سکا۔ 45 مسافر جل کر ہلاک ہو گئے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ نے ایک الگ بیان میں کہا کہ حادثے میں صرف ایک 8 سالہ بچہ بچ گیا جسے قریبی

خلاف 21 انکوائریاں درج کر لی گئی ہیں۔ چھاپوں کے دوران بھاری تعداد میں جعلی ادویات قبضے میں لی گئی ہیں۔ تمام ملزمان کے خلاف مزید کارروائی ڈریپ حکام کی رپورٹ پر عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 42 اجلاس

اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) عبدالوہاب خان، پولیس، میونسپل کارپوریشن مری، ٹورازم سمیت دیگر محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اے ڈی سی آر مری کیپٹن (ر) قاسم اعجاز نے کمشنر راولپنڈی کو عید الفطر کے موقع پر انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نے کہا کہ عید الفطر پر سیاحوں کی بڑی تعداد ملکہ کوہسار مری سیاحت کی غرض سے آتی ہے۔

بقیہ 43 مصروف عمل

آباد چیمبر آف کامرس کے حوالے کیے جائیں گے۔ تاکہ خریداری کی غرض سے آنے والی فیملیز کو کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تفصیلات کے مطابق یہ بیت الخلا مختلف تجارتی مراکز اور ہسپتالوں سے منسلک مناسب جگہوں پر تعمیر کیے گئے ہیں۔ ہر یونٹ میں 10 پبلک ٹوائلٹس ہیں جن میں 5 زنانہ اور 5 مردانہ ہیں۔ واضح رہے تعمیر کیے گئے تمام پبلک ٹوائلٹس کو جدید سہولیات سے مزین کیا جائے گا تاکہ تجارتی مراکز میں خریداری کی غرض سے آنے والی فیملیز کو کسی بھی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ واضح رہے اس ایم او یو کے تحت اسلام آباد چیمبر آف کامرس کی انتظامیہ ان تمام عوامی بیت الخلا کی تعمیر و مرمت، ورکرز کی تنخواہیں، صفائی ستھرائی سمیت دیگر تمام تر انتظامات کی ذمہ دار ہوگی۔ جبکہ بیت الخلا کی اراضی سی ڈی اے کی ہی ملکیت رہے گی۔ اسی طرح اسلام آباد چیمبر آف کامرس مذکورہ بیت الخلا کو صرف عوامی فلاح و بہبود کے لئے ہی استعمال کرے گی اور ہرگز اس اراضی کو کسی اور مقصد کیلئے استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی بصورت دیگر ایم او یو کسی بھی وقت کینسل ہوسکتا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے متعلقہ شعبہ جات کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ باقاعدگی سے ان عوامی بیت الخلا کا دورہ کرتے رہیں اور عوام الناس کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی تفصیلی جائزہ لیتے رہیں تاکہ شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس موقع پر تاجر برادری نے سی ڈی اے اور اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے مابین ہونے والے اس معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ اس معاہدے سے نہ صرف معیشت کو فروغ ملے گا بلکہ صارفین کو بھی اچھا ماحول فراہم ہوسکے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دور حاضر میں تجارتی مراکز میں عوامی بیت الخلا کی تعمیر وقت کی اہم ضرورت تھی کیونکہ ان سہولیات کے فقدان سے فیملو شاپنگ مالز کا رخ کرنے لگیں تھیں کیونکہ وہاں یہ تمام سہولیات میسر تھیں مگر اب فیملز کو یہ تمام سہولیات تجارتی مراکز میں بھی میسر ہونگی جس سے معیشت کو فروغ ملنے کے قوی امکانات ہیں۔

بقیہ 44 گرفتار

سے مبینہ طور پر غیر متعلقہ پاسپورٹ برآمد ہوئے۔ خیال رہے کہ اپنے پاسپورٹ کے علاوہ غیر دیگر افراد کے پاسپورٹس کے ساتھ سفر کرنا بین الاقوامی جرم ہے۔ ذرائع کے مطابق ایئر ہوسٹس کو پہلے بھی ممنوعہ اشیا کینیڈا لانے پر وارننگ دی گئی تھی، زیر حراست ائر ہوسٹس سوشل میڈیا پر ماڈلنگ بھی کرتی ہے، پرواز 789 پر حنا ثانی کے ہمراہ 7 اور فضائی میزبانوں کو بھیجا گیا، جن کو ٹورنٹو کے لئے ایئر لائن نے نو فلائی ڈکلیئر کیا ہوا تھا۔ ذرائع کے مطابق

کی کارکردگی اور افادیت کے بارے میں بتایا گیا کہ سیف سٹی کے جدید تکنیک کے حامل کیمرے شہر کی حفاظت، جرائم کے سد باب اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، جرائم کا 42 فیصد سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر سے حل کیا جاتا ہے، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چہروں کی شناخت کرنے والے کیمرے لگائے گئے ہیں جو مشکوک عناصر کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، وفد نے سی پی او سیف سٹی/ٹریفک سے ملاقات بھی کی اور اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے جدید تکنیکی نظام اور اس کی افادیت کو سراہا، وفد نے اس کامیاب دورے پر آئی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں اور ان کی ٹیم کا خصوصی طور پر شکریہ بھی ادا کیا۔

بقیہ 49 مسترد

چھوٹے تاجروں کے کاروباروں پر پوائنٹ آف سیل ڈیوائس کے ایس آر او کو بھی مسترد کرتی ہے، جتنے بھی ٹیکس گزار تاجر ہیں وہ ہر ماہ بجلی کے بلوں پر دس فی صد ایڈوانس ٹیکس ادا کرتے ہیں، نیا ایس آر او ٹیکس ادا کرنے والوں کو مزید نچوڑنے کے مترادف ہے۔ تاجر رہنماں نے کہا کہ تاجر برادری ٹیکس ادا کرنا چاہتی ہے لیکن وصولی کا طریقہ کار درست نہیں، حکومت کا یہ کہنا کہ فکسڈ ٹیکس نیٹ میں اضافہ نہیں کرتا یہ بات درست نہیں، فکسڈ ٹیکس کا نظام ایک دفعہ لاکر تو دیکھ لیا جائے۔

بقیہ 50 خرچ

،تفصیلات کے مطابق انتظامیہ مرکزی جامع مسجد فیضان مدینہ جی ٹی روڈ گوجرخان کی طرف سے افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں ٹی ایل پی کے ضلعی امیر حاجی رمضان چشتی، خطیب و سرپرست مرکزی میلاد کمیٹی علامہ محمود الحسن چوہان، سرپرست انتظامیہ کمیٹی حاجی حسن اختر چوہان، مرزا تیمور وارثی، ٹھیکیدار اخلاق، آصف عطاری، پرنسپل جامعۃ المدینہ ہاسنگ سکیم نمبر 2 علامہ احتشام مدنی، عمیر مدنی اور ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک اکبر عباس نے خصوصی طور پر شرکت کی اس موقع پر صحافی اور تاجر برادری کے افراد بھی شامل تھے افطار ڈنر کے شرکا کو مسجد کی تعمیر کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا صدر انتظامیہ مسجد نثار عطاری اور جنرل سیکرٹری علامہ عادل مدنی نے اس حوالے سے بتایا کہ مسجد کی تعمیر کا یہ منصوبہ لگ بھگ سات کروڑ کا ہے جس میں ابتک احباب ومخیر حضرات کے تعاون سے ایک کروڑ پانچ لاکھ کا فنڈ اکٹھا کر کے خرچ کیا جا چکا ہے رمضان المبارک کی ان بابرکت گھڑیوں میں مسجد کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر تعاون کرنے والوں کو اللہ عزوجل خیر و برکت عطا فرمائے انہوں نے کہا کہ اللہ کے گھر کو بنانے میں معاونت کرنے سے دونوں جہانوں کی سعادتیں نصیب ہوتی ہیں افطار سے پہلے دعا علامہ عمیر مدنی نے کی۔

بقیہ 51 کارروائیاں

2,462 زیر التواء چالانز کی ادائیگیوں کو یقینی بنایا، 260 ای چالان نادہندگان کے ڈرائیونگ لائسنس معطل کرنے کے ساتھ 178 کو انتباہ جاری کیے

بقیہ 52 کاروئیاں

نام سے ہوئی ہے، ملزم کے خلاف متعدد مقدمات درج ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے تھانہ انڈسٹریل ایریا کے علاقوں میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے

جاسکتا ہے، ادھر عوامی سماجی حلقوں نے ٹریفک پولیس کی اس آگاہی مہم کو خوب سراہا ہے۔

بقیہ 59 ملک سجاد

کرنے والے بدامنی کو بڑھاوا دینے میں کامیاب نہیں ہونگے، بانی پی ٹی آئی کہتا رہا کہ آئی ایم ایف کے پاس نہیں جاؤں گا لیکن پھر یوٹرن لے لیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معاشی صورتحال سے ہر محب وطن پریشان ہے، وزیراعظم میاں شہباز شریف بھی چاہتے ہیں کہ معاشی حالات کو درست کیا جائے، وزیراعظم شہباز شریف نے عندیہ دیا ہے کہ اب غریب عوام کی بجائے اشرافیہ پر بوجھ منتقل کیا جائے گا جو خوش آئند ہے جبکہ سیاستدان بھی اس مشکل ترین صورتحال میں ملک کی بقاء اور معاشی بحران سے نکلنے کیلئے متحد ہو جائیں حکومت کا ساتھ دیں ورنہ ملک دیوالیہ ہوسکتا ہے۔ مسلم لیگی رہنما ملک سجاد نے مزید کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے قائدین نے انتقامی نہیں بلکہ ہمیشہ مفاہمت کی سیاست کی ہے جبکہ پی ٹی آئی نے سیاسی اور قانونی بحران پیدا کرنے کی کوشش کی تاکہ ملک دیوالیہ ہو جائے،

بقیہ 60 دورہ

اور الیکٹرانک میڈیا ڈیش بورڈ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی پی آر پنجاب روبینہ افضل نے کہا کہ الیکٹرانک میڈیا کی مانیٹرنگ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے اور اس مقصد کیلئے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے استعمال کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیفیشل ٹیکنالوجی کی مدد سے چہرے اور آواز کی شناخت سے بھی الیکٹرانک چینلز کی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام تک درست معلومات کی رسائی اور غلط معلومات کی ترسیل روکنے کیلئے الیکٹرانک میڈیا کی مانیٹرنگ انتہائی ضروری ہے اور اس حوالے سے ڈی جی پی آر پنجاب اور پی آئی ڈی الیکٹرانک میڈیا مانیٹرنگ کیلئے باہمی تجربات سے استفادہ کریں گے۔ ڈی جی پی آر پنجاب روبینہ افضل نے مذید کہا کہ پنجاب میں ڈیجیٹل میڈیا پر عوامی آگاہی مواد کی تشہیر وقت کی ضرورت ہے اور پنجاب کی پہلی سائبر ایڈورٹائزنگ پالیسی پر کام کیا جا رہا ہے اور اس ضمن میں بھی ڈی جی پی آر پنجاب اور پی آئی ڈی باہمی تعاون کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب اور وفاق یکساں سائبر ایڈورٹائزنگ پالیسی کیلئے ورکنگ گروپ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایکس، فیس بک اور ٹک ٹاک کو مفاد عامہ کے مواد کہ تشہیر کیلئے استعمال کیا جائے گا۔

بقیہ 61 سلسلہ جاری

کیا، اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جاسکے

بقیہ 62 سرچ آپریشن

سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، "پکار-15" یا "آئی سی ٹی 15" ایپ پر اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

صارفین کے اعتبار کا حصول بہترین سروسز کی فراہمی کے مرہون منت ہے: ڈاکٹر محمد امجد خان

سو فیصد درست میٹر ریڈنگ، بروقت بلوں کی ترسیل اور بجلی سے متعلقہ صارفین کی شکایات کے فوری حل کو ہر صورت ممکن بنایا جائے

کسٹمر سروسز سینٹر اور دیگر دفاتر کی اپ گریڈیشن کی جائے، دفاتر میں صارفین کو بہترین صارف دوست ماحول فراہم کیا جائے، آئیسکو چیف

اسلام آباد (قومی اخبار) صارفین کے اعتبار کا حصول بہترین سروسز کی فراہمی کے مرہون منت ہے۔ کسٹمر سروسز سینٹر اور دیگر دفاتر کی اپ گریڈیشن کی جائے، دفاتر میں صارفین کو بہترین صارف دوست ماحول فراہم کیا جائے۔ آئیسکو چیف ڈاکٹر محمد امجد خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان نے کہا ہے کہ آئیسکو کو اگر پاور سیکٹر میں ایک نمایاں مقام حاصل ہے تو اس کی بنیادی وجہ مستحکم ڈسٹری بیوشن سسٹم اور صارف دوست پالیسیوں کا اجرا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹی ننس آج اور کل بجلی بند رہے گی

آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے، گردونواح کی بجلی بند رہے گی

وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے

اسلام آباد (قومی اخبار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 30 مارچ 2024، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، شکر پڑیاں، کرپہ، G-9/1، F-8/2، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

مسلم لیگ ن ہی ملک کو مسائل کے گرداب سے نکالے گی: چوہدری جعفر اقبال

ملک خوشحالی اور بہتری کیلئے ن لیگ عوام دوست پالیسیوں کے تسلسل کو یقینی بنانے اور درست اقتصادی ترجیحات کا تعین کرنے کیلئے پرعزم ہے

ہمیں اپنے ملک کی بہتری کیلئے مشکل فیصلوں کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا، حالیہ دہشتگردی کے واقعات قابل مذمت ہیں، رہنمان لیگ

اسلام آباد (قومی اخبار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی و سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال اور بیگم عشرت اشرف رکن صوبائی اسمبلی نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ہی ملک و قوم کو مسائل کے گرداب سے نکال کر عوام کو ریلیف فراہم کرے گی، ملک خوشحالی اور بہتری کیلئے مسلم لیگ (ن) عوام دوست پالیسیوں کے تسلسل کو یقینی بنانے اور درست اقتصادی ترجیحات کا تعین کرنے کیلئے پرعزم ہے، مشکل حالات کا مقابلہ ہمیشہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

گوجرخان ٹریفک پولیس نے تیز دھار ڈور سے بچاؤ کی مہم شروع کردی

موٹر سائیکل سواروں کو سیفٹی اقدامات کے بارے ہدایات پتنگ بازی کی وجہ سے کسی شخص کو تیز دار ڈور سے کوئی نقصان نہ ہو

گوجرخان (قوی اخبار) گوجرخان ٹریفک پولیس کی تیز دھار ڈور سے بچا کی مہم شروع، موٹر سائیکل سواروں کو ٹریفک پولیس کی اس اگاہی مہم کو خوب سراہا، تفصیلات کے مطابق گوجرخان سٹی ٹریفک پولیس نے بھی وزیر اعلی

سیفٹی اقدامات کے بارے ہدایات جاری، پتنگ بازی کی وجہ سے کسی شخص کو تیز دار ڈور سے کوئی نقصان نہ ہو، ڈی ایس پی ٹریفک ثاقب رضوان، عوامی حلقوں نے پنجاب مریم نواز کی انسدادِ کائٹ فلائنگ اقدامات مہم شروع کردی ہے شہریوں کی حفاظت کے لئے خصوصی آگاہی بھی دی جارہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

مسلم لیگ (ن) عوامی امنگوں کی ترجمان جماعت ہے، ملک سجاد

درپیش چیلنجز پر قابو پانے کیلئے اتحاد ایمان نظم وضبط کے ساتھ ملک کو مضبوط اور خوشحال بنا سکتے ہیں

اسلام آباد (قوی اخبار) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سنیئر رہنما ملک سجاد نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) عوامی امنگوں کی ترجمان جماعت ہے جو ملکی تعمیر وترقی و عوامی خوشحالی یقینی بنائے گی، حکومت مہنگائی کا خاتمہ کرنے کا پختہ عزم رکھتی ہے جس کی تکمیل کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے گئے ہیں، ملک سے انتشار اور انارکی سیاست کا خاتمہ کیا جائے گا، قوم کو یرغمال بنانے کی کوشش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

روبینہ افضل کا ڈائریکٹوریٹ آف الیکٹرانک میڈیا اینڈ پبلکیشن اور سائبر ونگ کا دورہ

میڈیا مانیٹرنگ کیلئے اے آئی کے استعمال اور پنجاب کی پہلی سائبر پالیسی پر کام کررہے ہیں، ڈی جی پی آر روبینہ افضل

راولپنڈی (قوی اخبار) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب روبینہ افضل نے کہا ہے کہ الیکٹرانک میڈیا کی مانیٹرنگ کیلئے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے استعمال کی منصوبہ سائبر ونگ کے دورہ کے موقع پر کہی۔ اس موقع پر ڈی جی ڈیمپ عمرانہ وزیر اور ڈی جی سائبر ونگ پی آئی ڈی وقار صدیقی بھی موجود تھے۔ ڈی جی پی آر کو الیکٹرانک میڈیا

بندی کی جارہی ہے جبکہ پنجاب کی پہلی سائبر ایڈورٹائزنگ پالیسی پر بھی تیزی سے کام کیا جارہا ہے۔ یہ بات انہوں نے اسلام آباد میں پی آئی ڈی کے ڈائریکٹوریٹ آف الیکٹرانک میڈیا اینڈ پبلکیشن اور اور سوشل میڈیا مانیٹرنگ کے بارے میں پی آئی ڈی کے افسران نے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی جی پی آر پنجاب روبینہ افضل نے پی آئی ڈی میں ڈیمپ سنٹرل مانیٹرنگ یونٹ، ڈیٹا سٹوریج سنٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

مری انتظامیہ شہر اور گردونواح کے علاقوں کو صاف کرنے میں ناکام

وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کی طرف سے دی جانے والی ستھرا پنجاب کی مدت ختم ہونے کے قریب

مری (قوی اخبار) مری انتظامیہ شہر اور گردونواح کے علاقوں کو صاف کرنے میں ناکام دکھای دے رہی ہے مقامی حلقوں کا شدید احتجاج اعلی حکام سے نوٹس کا مطالبہ وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کی طرف سے دی جانے والی ستھرا پنجاب کی مدت ختم ہونے کے قریب جبکہ ابھی بھی مری کے مختلف مقامات پر گندگی کے ڈھیر پڑے ہوے جہاں صفائی نہ ہونے کے برابر مری کی انتظامیہ شہر اور گردونواح کے علاقوں کو صاف کرنے میں ناکام دکھای دے رہی ہے مقامی حلقوں کا شدید احتجاج اعلی حکام سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے منتخب ہونے کے بعد پورے پنجاب میں صفای مہم کا اعلان کیا تھا جسکی مدت اب ختم ہونے کے قریب ہے مری کی زیادہ تر آبادی دیہی علاقوں پر مشتمل ہے مری شہر جو چند کلو میٹر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کے وفد کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ

پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور اس کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل اگاہ کیا

اسلام آباد (قوی اخبار) نیشنل پولیس اکیڈمی کے مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کے وفد کا سیف سٹی اسلام اور اس کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل اگاہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس

آباد کا دورہ، وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل نے نیشنل پولیس اکیڈمی کے مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

اقتصادی بحالی اور معاشی نمو کے لیے مشاورتی تھنک ٹینک کا قیام

کراچی (قوی اخبار) ایف پی سی سی آئی کے صدر عاطف اکرام شیخ نے ملک کے اعلی معاشی ماہرین، گورننس ماہرین، صنعت کاروں، انٹر پرینیورز، سرمایہ کاروں اور برآمد کنندگان پر مشتمل ایک تھنک ٹینک تشکیل دیا۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

مرکزی جامع مسجد فیضان مدینہ کی تعمیر پر ایک کروڑ سے زائد رقم خرچ

ماہ رمضان میں تعاون کرنے والوں کو اللہ عزوجل دونوں جہاں میں سرخرو کرے، علامہ عادل مدنی

گوجرخان (قوی اخبار) مرکزی جامع مسجد فیضان مدینہ جی ٹی روڈ گوجرخان کی تعمیر پر ابتک ایک کروڑ سے میں تعاون کرنے والوں کو اللہ عزوجل دونوں جہاں میں سرخرو کرے، علامہ عادل مدنی اور نثار عطاری کا انتظامیہ

زائد رقم خرچ، مخیر حضرات کی معاونت سے مسجد کی تعمیر کا سلسلہ جاری ہے، مسجد کی تعمیر میں خصوصی طور پر ماہ رمضان مرکزی جامع مسجد فیضان مدینہ کی طرف سے دیے گئے افطار ڈنر پر اظہار خیال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کی زیر صدارت اجلاس

عیدالفطر پر سیاحوں کی ممکنہ آمد کے موقع پر انتظامیہ کی جانب سے بہترین انتظامات کیے جائیں گے، کمشنر راولپنڈی

راولپنڈی (قوی اخبار) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نے کہا ہے کہ عیدالفطر پر سیاحوں کی ممکنہ آمد کے موقع پر انتظامیہ کی جانب سے بہترین انتظامات کیے جائیں گے۔ 21 رمضان المبارک کو یوم علی رضی اللہ تعالی عنہ اور ایسٹر کے موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئیں۔ ٹریفک مینجمنٹ پلان پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عید الفطر کے موقع پر انتظامیہ کی جانب سے ممکنہ انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کی زیر صدارت مری میں عید الفطر کے موقع پر انتظامیہ کی جانب سے ممکنہ انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مری کیپٹن) ر (قاسم اعجاز، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

سی ڈی اے شہریوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنے میں مصروف عمل

سی ڈی اے اور اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے مابین ایک ایم او یو پر دستخط کئے گئے

اسلام آباد (قوی اخبار) وفاقی ترقیاتی ادارے) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کی انتظامیہ جہاں شہریوں کے روز کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے (اور اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے مابین ایک ایم او یو پر

CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY

کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لئے دن رات مصروف عمل ہے وہیں معیشت کو فروغ دینے کے لئے بھی بھرپور اقدامات اٹھائے جارہے ہیں ۔ اسی سلسلے میں جمعہ دستخط کئے گئے ۔ اس ایم او یو کے تحت اسلام آباد کے مختلف تجارتی مراکز میں قائم کئے گئے مردانہ اور زنانہ عوامی بیت الخلا اسلام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

تاجروں نے حکومتی متعارف کرائی گئی نئی ایڈوانس ٹیکس اسکیم مسترد کردی

تاجر برادری ٹیکس ادا کرنا چاہتی ہے لیکن وصولی کا طریقہ کار درست نہیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (قوی اخبار) تاجروں نے حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی نئی ایڈوانس ٹیکس اسکیم مسترد کرتے ہوئے ایف بی آر سے فیصلہ واپس لینے کا مطالبہ کردیا۔ صدر آل پاکستان انجمن تاجران اجمل بلوچ نے دیگر تاجر رہنماوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایف بی آر نے تاجر دوست کے نام سے ایس آر او جاری کیا ہے جس کا نمبر 420 رکھا گیا ہے جو کہ نمبر کے ذریعے تاجر برادری کو چور ثابت کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کی تاجر برادری تاجر دوست ایس آر او اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

غیر متعلقہ پاسپورٹ برآمد ہونے پر پی آئی اے کی ایئر ہوسٹس کینیڈا میں گرفتار

کراچی (قوی اخبار) پی آئی اے کی پاکستان سے کینیڈا کی پرواز پر تعینات خاتون فضائی میزبان کو ٹورنٹو ایئرپورٹ پر غیر متعلقہ پاسپورٹ برآمد ہونے پر حراست میں لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پی کے 789 پر تعینات حنا ثانی نامی ایئر ہوسٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پنجاب کونسل آف آرٹس کے بورڈ آف مینجمنٹ کے اجلاس کا انعقاد

صدارت بورڈ آف مینجمنٹ کے صدر ثاقب رفیق نے کی، بورڈ آف مینجمنٹ کے ممبران نے بھی شرکت کی

راولپنڈی (قوی اخبار) پنجاب کونسل آف آرٹس راولپنڈی کے بورڈ آف مینجمنٹ کا اجلاس آج کونسل کے کے ممبران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں راولپنڈی آرٹس کونسل کے مختلف امور زیر بحث آئے۔ اجلاس میں

ہال میں منعقد ہوا جس کی صدارت بورڈ آف مینجمنٹ کے صدر ثاقب رفیق نے کی۔ اجلاس میں بورڈ آف مینجمنٹ راولپنڈی کے معروف فنکار باطن فاروقی کو تمغہ حسن کارکردگی ملنے پر انہیں مبارکباد دی گی۔

اسلام آباد ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے جوانوں کے ساتھ روزہ افطار کیا

، پولیس افسران وجوانوں کیلئے افطار ڈنر کے اہتمام کا مقصد ان کے حوصلوں کو بلند رکھنا ہے،، ایس ایس پی سی ٹی ڈی

اسلام آباد (قوی اخبار) ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے انسداد دہشگردی ڈیپارٹمنٹ کے افسران وجوانوں کے حفاظت کے لیے پوری دلجمعی سے اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی میں ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ تفصیلات کے

ساتھ سی ٹی ڈی کمپلیکس میں روزہ افطار کیا، اس موقع پر شہداء پولیس کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران وجوان عوام کی جان ومال کی مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے انسداد دہشگردی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

چین اور پاکستان آپس میں ایک دل اور ایک جان ہیں، فرح ناز اکبر

ہمارے دفاع کے ادارے ان بزدل دشمنوں کو بے نقاب کرتے رہیں گے، رہنما مسلم لیگ ن

اسلام آباد (قوی اخبار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رکن قومی اسمبلی وصدر مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد صدر فرح ناز اکبر نے ملک میں حالیہ جاری دہشگردی کی لہر میں پاکستانیوں سمیت چینی باشندوں کی ناگہانی شہادت وہلاکتوں پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمن قومی وسیکورٹی تنصیبات اور چینی باشندوں کو نشانہ بنا کر خوف وہراس پھیلانا چاہتے ہیں، یہ دہشگردانہ حملے ان لوگوں کی طرف سے ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

بلوچستان، ایف آئی اے کا کریک ڈاؤن، بڑی تعداد میں جعلی ادویات برآمد

ایف آئی اے بلوچستان زون نے مختلف علاقوں میں ڈریپ حکام کے ساتھ مل کر کارروائیاں کیں

کوئٹہ (آئی این پی) ایف آئی اے کے بلوچستان میں کریک ڈان کے دوران بڑی تعداد میں جعلی ادویات برآمد کرلی گئیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق جعلی کرکے فروخت میں ملوث ملزمان کے خلاف 4 انکوائریاں درج کرلی گئی ہیں۔ اینٹی کرپشن سرکل کوئٹہ نے ہزار گنجی کوئٹہ میں واقع اسٹور سے بڑی تعداد میں جعلی

اور غیر رجسٹرڈ ادویات کی فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈان جاری ہے۔ اسی سلسلے میں بلوچستان زون کی مختلف علاقوں میں بڑی کارروائیاں کی گئیں، جن میں بھاری مقدار میں غیر رجسٹرڈ اور جعلی ادویات برآمد ادویات برآمد کرلیں۔ چھاپا مار کارروائی خفیہ اطلاع پر ڈریپ حکام کے ساتھ مل کر سے عمل میں لائی گئی، جس میں 100 سے زائد اقسام کی غیر رجسٹرڈ اور جعلی ادویات قبضے میں لے لی گئیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

وفاقی پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن، 21 گرفتار

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے

شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دی

POLICE STATION

اسلام آباد (قوی اخبار) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد پولیس کی ای چالان نادہندگان کے خلاف موثر کارروائیاں

پولیس نے 260 ای چالان نادہندگان کے ڈرائیونگ لائسنس معطل 178 کو انتباہ جاری کئے

اسلام آباد (قوی اخبار) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ای چالان نادہندگان کے خلاف موثر کارروائیاں جاری، 260 ای چالان نادہندگان کے ڈرائیونگ لائسنس معطل 178 کو انتباہ جاری، جبکہ 106 ای چالان نادہندگان کو قانونی نوٹسز جاری کرنے کا فیصلہ، ڈرائیونگ لائسنس مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے 1,508 ای چالان نادہندگان سے 2,462 زیر التواء چالانز کی ادائیگیوں کو یقینی بنایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ای چالان نادہندگان کے خلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں، اس سلسلہ میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے ڈرائیونگ لائسنس مینجمنٹ سسٹم کے تحت 1,508 ای چالان نادہندگان سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

تھانہ شہزاد ٹاؤن اور تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس کی موثر کارروائیاں

راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب دو گروہوں کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا، مقدمات درج

اسلام آباد (قوی اخبار) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ شہزاد ٹاؤن اور تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے موثر کارروائیاں کرتے ہوئے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب دو گروہوں کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا، خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے راہزنی

ڈپٹی ڈی جی انفورسمنٹ شاہ جہاں کی ہدایات پر سہالہ بازار میں تجاوزات کیخلاف آپریشن

آپریشن کی سربراہی اے ڈی جانزیب خان، علاقہ مجسٹریٹ ظفر پٹواری چوہدری بلال اور سی ڈی اے انفورسمنٹ ٹیم نے کیا

دوران آپریشن سہالہ بازار میں دکانوں کے سامنے کی تجاوزات کو مسمار کردیا گیا

اسلام آباد (قوی اخبار) ڈپٹی ڈی جی انفورسمنٹ کی ہدایات کی روشنی میں سی ڈی اے انفورسمنٹ کی ٹیم اور ایک سی ٹی انتظامیہ جن میں علاقہ مجسٹریٹ ظفر، اے ڈی جانزیب، چوہدری بلال پٹواری اور سی ڈی اے انفورسمنٹ کی ٹیم شامل تھی سی ڈی اے انفورسمنٹ نے علاقہ مجسٹریٹ کی نگرانی میں سہالہ بازار میں دکانوں کے سامنے کی تجاوزات جن میں دوکانوں کے باہر شیڈ بنا رکھے تھے جنگو کرین کی مدد سے مسمار کردیا اور تمام دکانداروں کی ہدایات کی ہے کہ اگر دوبارہ کسی نے تجاوزات قائم کی تو آپریشن کیخلاف فوجداری کارروائی بھی کی جائے گی۔

ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کے لئے مہم کا سلسلہ جاری ہے

اسلام آباد(قومی اخبار)اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات پر گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کے لئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ بہارہ کہو کی حدود میں 362 گھروں کے 168 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا، مہم میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، تاکہ شہر میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھتے ہوئے کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جاسکے۔

QUAID-I-AZAM UNIVERSITY
(Estate Office)

GALLOP TENDER NOTICE

Sealed tenders are invited from well experienced and financially sound contractors to run University **Old Cafeteria and New Cafeteria** for a period of two years which will be extendable on satisfactory performance of the contractors:

The tender documents may be obtained from the University Estate Office as per under mentioned details.

Period to obtain tender documents;

01-04-2024 to 30-04-2024(during banking and office hours on payment in Treasurers Account,)

Tender Document Fees; Rs.5000/= (Non-refundable)

Seed Money: - Rs-50000/- (Refundable)

Biddable Rent; The rent of each business point is biddable. However the baseline rent is **(Rs-30/- per square feet of the covered area of the business point, the details can be obtained from Estate Office).** The bidder with maximum bid will be selected subject to experience and other satisfactory performance during interview.

The existing contractors **can only be** allowed to participate in any bid through prescribed procedure after having the University dues and utility services charges cleared till date.

The Sealed tenders/bids will be received in the Estate Office on or before but not later than **30-04-2024** till **12:00 p.m** and will be opened by the Tender Opening Committee on the same date at **02:00 p.m** in the presence of the bidders who may like to attend the meeting.

The bidders who have already submitted their tender documents may not apply again.

The University reserves the right to accept or reject any or all the tenders on account of any reason. The decision of the University shall be final and binding in all matters relating to this tender notice.

PID(I)5856/23

Director Estate, QAU, Islamabad
Telephone No.051-90644080 051-90644073

گزشتہ تین روز میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 5ہزار400 روپے بڑا اضافہ ہوا

کراچی(قومی اخبار) ملک میں سونے کی قیمتوں میں اتار چڑھا کا سلسلہ جاری ہے، سونے کی فی تولہ قیمت آج پھر بڑھ گئی ہے، گزشتہ تین روز میں سونے کی قیمت میں 5ہزار 400روپے کا اضافہ ہوگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملک میں سونے کی قیمت میں مسلسل کمی کے بعد فی تولہ سونے کی قیمت پھر بڑھنا شروع ہوگئی ہے۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق فی تولہ سونے کی قیمت 3ہزار 800روپے بڑھنے کے بعد نئی قیمت 2لاکھ 34ہزار 800روپے ہوگئی ہے۔ اسی طرح دس گرام (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 56)

نیلم جہلم پراجیکٹ نے پوری صلاحیت کے مطابق 969 میگاواٹ بجلی کی پیداوار دوبارہ شروع کردی

لاہور(قومی اخبار) نیلم جہلم پراجیکٹ نے بجلی کی پیداوار دوبارہ شروع کردی ہے، گزشتہ روز پوری صلاحیت کے مطابق 969 میگاواٹ بجلی پیدا کی، پراجیکٹ اب تک 19ارب 56 کروڑ 20لاکھ یونٹ سستی بجلی مہیا کرچکا ہے، یہ بجلی سحر و افطار میں صفر لوڈ شیڈنگ کیلئے نیشنل گرڈ کو فراہم کی جارہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق منصوبے کی ٹیل ریس ٹنل (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 57)

INDUSTRIAL AREA ZONE
ISLAMABAD POLICE
POLICE
POLICE STATION
Shehzad Town Islamabad
(Rural) Zone

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ کی نوک پر چھینے گئے موبائل فون، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، ملزمان کے خلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے اسلحہ کی نوک پر چھینے گئے موبائل فون، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، ملزم کی شناخت جنت گل کے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد پولیس کا عدالتی مفروران و اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن

پولیس ٹیموں نے گزشتہ ہفتے کے دوران سنگین جرائم میں ملوث 90 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا

اسلام آباد(قومی اخبار) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری، پولیس ٹیموں نے گزشتہ ہفتے کے دوران سنگین جرائم میں ملوث 90 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا، مجرمان کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جارہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے۔

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے پاکستان میں تعینات فلسطین کے سفیر احمد جواد ربیل ملاقات کررہے ہیں

آصفہ بھٹو زرداری NA-207 سے بلامقابلہ رکن قومی اسمبلی منتخب ہوگئی

کراچی(قومی اخبار) صدر پاکستان آصف زرداری کی صاحبزادی اور چیئرمین پیپلزپارٹی بلاول بھٹو کی ہمشیرہ آصفہ بھٹو بلامقابلہ رکن قومی اسمبلی منتخب ہوگئیں۔ آصفہ بھٹو زرداری نے پہلی مرتبہ پارلیمانی سیاست میں قدم رکھ دیا ہے اور وہ این اے 207 سے بلامقابلہ رکن قومی اسمبلی منتخب ہوگئی ہیں۔ واضح رہے کہ قومی اسمبلی کی یہ نشست آصف علی زرداری کے صدر مملکت بننے سے خالی ہوئی تھی۔ ریٹرننگ افسر نے این اے 207 سے آصفہ بھٹو زرداری کی بلامقابلہ کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔

وفاقی کابینہ نے لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو 3سال کے لیے چیئرمین نادرا تعینات کرنے کی منظوری دے دی

اسلام آباد(قومی اخبار) وفاقی حکومت کا چیئرمین نادرا کی تعیناتی سے متعلق بڑا فیصلہ، وفاقی کابینہ نے لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو 3سال کے لیے چیئرمین نادرا تعینات کرنے کی منظوری دے دی، کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے وزارت داخلہ کی سمری منظور کرلی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے نادرا رولز 2020 میں رول 7 اے شامل کرنے کی منظوری (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 45)

پبلشر معین الدین نے روحانی پریس محمدی ٹاؤن سوہان ایکسپریس وے اسلام آباد سے چھپوا کر ثاقب پلازہ نزد MCB بینک لہتراڑ روڈ کھنہ پل اسلام آباد سے شائع کیا

چیف ایڈیٹر: **معین الدین چوہدری**

ایڈیٹر: **اسد محمود چوہدری**

ہیڈ آفس

ثاقب پلازہ نزد MCB بینک لہتراڑ روڈ کھنہ پل اسلام آباد

رابطہ نمبر

051-2241980 / 2617439

0333-5750379

اگلے ماہ مہنگائی کی شرح کم ہوکر 21 سے 22فیصد کے درمیان رہنے کا امکان

وزارت خزانہ کے مطابق رواں سال ڈالر ریٹ میں 5روپے 54پیسے کی سے 278روپے پر آگیا

اسلام آباد(قومی اخبار)وفاقی وزارت خزانہ نے ملک میں اگلے ماہ مہنگائی کی شرح کم ہوکر 21 سے 22فیصد کے درمیان رہنے کی پیش گوئی کرتے ہوئے رواں ماہ 22.5 فیصد 23.5 رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ وزارت خزانہ نے ماہانہ اکنامک اپ ڈیٹ آؤٹ لک رپورٹ میں بتایا ہے کہ رواں ماہ)مارچ (کے دوران ملک میں مہنگائی کی شرح 22.5 سے 23.5 فیصد کے درمیان رہنے کا امکان ہے جبکہ عالمی مالیاتی ادارہ) آئی ایم ایف (سے 1.1ارب ڈالر کی قسط آئندہ ماہ ملنے کی توقع ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مہنگائی کی شرح رواں ماہ بلند رہے گی تاہم اگلے ماہ مزید کمی سے 21 سے 22فیصد کے درمیان رہے گی۔ وزارت خزانہ کے مطابق رواں سال ڈالر ریٹ میں 5روپے 54پیسے کی سے 278روپے پر آگیا اور رمضان ریلیف پیکیج 7.5ارب سے بڑھا کر 12.5ارب روپے کردیا گیا ہے۔ معاشی اور مالی پوزیشن بہتر ہورہی ہے اور عالمی مالیاتی فنڈ سے 1.1ارب ڈالر کی اگلی قسط آئندہ ماہ مل جائے گی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مہنگائی کی شرح رواں ماہ بلند رہے گی تاہم اگلے ماہ مزید کمی سے 21 سے 22فیصد کے درمیان رہے گی۔ وزارت خزانہ کے مطابق رواں سال ڈالر ریٹ میں 5روپے 54پیسے کمی سے 278روپے پر آگیا۔

ہائی سکیورٹی زون میں داخل ہونیوالے شہریوں کے کے اندراج کا عمل

خلاف ورزی پر متعدد گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی گئی

اسلام آباد(قومی اخبار) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ہائی سکیورٹی زون میں داخل ہونے والے شہریوں کے کوائف کے اندراج اور موثر تلاشی کا عمل جاری ہے۔ ہائی سکیورٹی زون کے مختلف ناکہ جات پر قانون کی خلاف ورزی پر متعدد گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اس سلسلہ میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے اہلکار ہائی سکیورٹی زون میں داخل ہونے والے شہریوں کے کوائف کے اندراج، شناختی دستاویزات کی جانچ اور موثر تلاشی عمل میں لا رہے ہیں، اسکے ساتھ مختلف ناکہ جات پر گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے خلاف مختلف قانونی خلاف ورزیوں پر کارروائی بھی عمل میں لائی گئی، گزشتہ ہفتے کے دوران ہائی سکیورٹی زون ناکہ جات پر تعینات اہلکاروں نے 611 کالے شیشوں، 41 غیر نمونہ نمبر پلیٹ اور بغیر کاغذات 09 گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی، جبکہ زائد سواری کی خلاف ورزی پر 504 موٹر سائیکل سواروں کو چالان جاری کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران و جوانوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ڈیوٹی مکمل ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں، کسی قسم کی غفلت و لاپرواہی نہ برتی جائے، ہائی سکیورٹی زون میں واقع اہم سرکاری و نجی املاک اور سفارت خانوں کا تحفظ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔